Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 23 جون 2023ء، 04 ذوالحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 66

پنجاب میں آئی ٹی کے کاروبار، تعلیم، ٹریننگ پر تمام ٹیکس و ڈیوٹیز ختم، تاریخی عمارتوں اور قدیم دروازوں کی بحالی کا فیصلہ

پنجاب کابینہ، 5 ایکڑ اراضی مالکان پر زرعی انکم ٹیکس لگانے کی تجویز مسترد

لاہور شہر کے 12 قدیم دروازوں کو اصل حالت میں بحال کیا جائیگا، محسن نقوی نے ڈی جی لاہور والڈ سٹی اتھارٹی کو ٹاسک دیدیا

سپیشل افراد کے حقوق کیلئے کونسل کے قیام کی منظوری، نگران وزیر اعلی محسن نقوی کی زیر صدارت اندرون شہر میں پنجاب کابینہ کا 18 واں اجلاس

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کا 18 واں اجلاس اندرون شہر میں منعقد ہوا۔ پنجاب کابینہ نے 5 ایکڑ اراضی کے مالکان پر زرعی انکم ٹیکس لگانے کی تجویز مسترد کر دی۔ اجلاس میں سٹمپ ایکٹ 1899 کے فرسٹ شیڈول میں ترامیم کی منظوری دی گئی اور اسٹامپ ڈیوٹی کی شرح ایک فیصد برقرار رکھنے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2012 میں ترامیم کی منظوری دی گئی اور پنجاب میں آئی ٹی کے کاروبار، تعلیم، ٹریننگ پر تمام ٹیکس و ڈیوٹیز ختم کر دی گئیں۔ کابینہ نے ہیپاٹائٹس اینڈ انفیکشن کنٹرول پروگرام اور پراونشل ٹی بی کنٹرول پروگرام کے ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی۔ اجلاس میں لاہور سمیت پنجاب بھر میں تاریخی عمارتوں اور قدیم دروازوں کی بحالی کا فیصلہ کیا گیا۔ لاہور شہر کے 12 قدیم دروازوں کو اصل حالت میں بحال کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ڈی جی لاہور والڈ سٹی اتھارٹی کو تاریخی دروازوں کی بحالی کا ٹاسک دے دیا۔ ڈی جی لاہور والڈ سٹی اتھارٹی کامران لاشاری نے ادارے کی کارکردگی اور تاریخی عمارتوں کی بحالی کے پروگرام کے بارے میں بریفنگ دی۔ کامران لاشاری نے والڈ سٹی اتھارٹی کی بھرپور سپورٹ پر نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی اور کابینہ کا شکریہ ادا کیا۔ پنجاب کابینہ نے لاہور والڈ سٹی اتھارٹی کی کارکردگی کو سراہا۔ اجلاس میں پنجاب ہیلتھ فسیلٹیز (بقیہ نمبر 1)

ہمارا بجٹ پر مسئلہ تھا وہ حل ہو گیا، قمر زمان کائرہ

آئین میں کسی غیر معمولی صورتحال میں الیکشن تاخیر کے راستے رکھے گئے، مشیر امور کشمیر

اسلام آباد (یو این پی) قمر زمان کائرہ کا کہنا ہے کہ ہمارا بجٹ پر مسئلہ تھا وہ حل ہو گیا، حکومتی اتحاد میں ہماری جماعتیں ضم تو نہیں ہوئیں الگ الگ سیاسی جماعتیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کے مشیر قمر زمان کائرہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا واضح (بقیہ نمبر 4)

4 سال غریب دشمن اور سی پیک دشمن حکومت رہی، خرم دستگیر

نیوکلیئر پلانٹ سے سستی بجلی حاصل ہوگی، پاکستان میں نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے یہ پلانٹ کارآمد ہوگا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) خرم دستگیر نے پی ٹی آئی کی سابق حکومت کو غریب دشمن اور سی پیک دشمن قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر نے کہا ہے کہ چینی کمپنی پاکستان میں ساڑھے 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی، چینی سرمایہ کاری سے نیوکلیئر (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات

ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

پیرس (خصوصی رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی عرب کے وزیراعظم اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے دارالحکومت پیرس میں وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان (بقیہ نمبر 2)

پاکستان آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے، امید ہے پاکستان کیلئے مختلف فنڈز جاری کر دیئے جائیں گے، شہباز شریف کی گفتگو

وزیراعظم کی ایم ڈی IMF سے ملاقات
معاشی استحکام کیلئے اقدامات سے آگاہ کیا

موقع پر پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم نے 27 مئی کو ہونے والے ٹیلیفونک رابطے کا بھی ذکر کیا، جبکہ معاشی استحکام اور بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا

ہم سمجھتے ہیں آئی ایم ایف پروگرام کے نویں جائزہ کیلئے تمام پیشگی اقدامات کر لیے ہیں، پاکستان آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

وزیراعظم نے مزید کہا کہ امید ہے پاکستان کیلئے مختلف فنڈز جاری کر دیئے جائیں گے۔ آئی ایم ایف معاہدے کی تکمیل سے معاشی استحکام میں مدد ملے گی، آئی ایم ایف فنڈز سے پاکستان کو ریلیف بھی ملے گا

پیرس (نیوز ڈیسک) وزیراعظم نے ایم ڈی آئی ایم ایف کو معاشی استحکام اور بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ایم ایف کی ایم ڈی سے ملاقات کی ہے، ملاقات عالمی مالیاتی کانفرنس کی سائیڈ لائن پر ہوئی جس میں آئی ایم ایف پروگرام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم نے 27 مئی کو ہونے والے ٹیلیفونک رابطے کا بھی ذکر کیا، جبکہ معاشی (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: کوپ 27 میں لاس اینڈ ڈیمج فنڈ سے ترقی پذیر ممالک کی مدد کی جائے، شہباز شریف

کشتی حادثے کی تحقیقات عدالتی کمیشن سے کرانے کیلئے صدر، وزیراعظم کو خط

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) یونان کشتی حادثے کی تحقیقات عدالتی کمیشن سے کرانے کے لئے صدر اور وزیراعظم کو خط بھجوا دیا گیا۔ خط جوڈیشل ایکٹوازم پینل کے سربراہ اظہر صدیق ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 6)

چیئرمین سینیٹ نے سینیٹ کے جدید ڈیٹا سینٹر کا افتتاح کر دیا

صادق سنجرانی کا ڈیجیٹل اقدامات کی کامیاب تکمیل اور نفاذ پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ نے سینیٹ کے جدید ڈیٹا سینٹر اور ڈیجیٹل براڈکاسٹنگ سینٹر کا افتتاح کر دیا جدید سینٹرز کا افتتاح، ڈیجیٹل تبدیلی اور عوام کو فائدہ پہنچانے کے حوالے سے سینیٹ کے مضبوط عزم کو ظاہر کرتا ہے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 7)

مختلف وارڈز کے AC بند، صفائی کے ناقص انتظامات، محسن نقوی بدانتظامی پر شدید برہم

ایک ہفتے کے اندر ماسٹر پلان طلب، چلڈرن بلاک کا نام میو چلڈرن ہسپتال رکھنے کا اعلان

ادویات کا نہ ہونا ناقابل معافی، میو ہسپتال کا معیار آغا خان ہسپتال کے برابر لانا چاہتے ہیں: محسن نقوی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے آج شدید گرمی و حبس میں میو ہسپتال کا ساڑھے 3 گھنٹے طویل تفصیلی دورہ کیا۔ محسن نقوی نے ایمرجنسی اور دیگر وارڈز کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ مختلف وارڈز کے اے سی بند تھے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کا سالانہ بجٹ 20 سے بڑھا کر 90 لاکھ کر دیا گیا

عامر میر کی زیر صدارت پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کا اجلاس الحمرا لاہور میں منعقد

مالی معاونت کے خواہشمند لکھاریوں، ادیبوں اور شعرا کی لسٹ مرتب کر کے انکی فوری مدد کی جائے، صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت

اجلاس میں سیکرٹری اطلاعات وثقافت علی نواز ملک، پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اراکین بشمول عطاالله قاسمی، دیگر کی شرکت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر کی زیرصدارت پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کا اجلاس الحمرا لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری اطلاعات و ثقافت علی نواز ملک، پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اراکین بشمول عطا الله قاسمی، ڈاکٹر (بقیہ نمبر 8)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا بھارہ کہو مویشی منڈی کا دورہ

زیادہ سے زیادہ عوامی سہولیات اور ضروری حفاظتی اقدامات کے بارے میں بریفنگ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا بھارہ کہو مویشی منڈی) نزد جگی سٹاپ (کا دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے ڈیوٹی پر موجود (بقیہ نمبر 14)

دو ماہ کی تو حکومت رہ گئی عزت سے معاملات نمٹا کر گھر جائیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

جسٹس بابر ستار نے ریمارکس دیے عدالت توقع کرتی ہے وفاقی کابینہ مستقل تعیناتی سے متعلق ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کرے گی

وفاقی وزیر نے بتایا سیکرٹری صاحب بیمار ہیں، میں خود بیمار ہوں میرا ٹرانسپلانٹ ہوا ہے مگر عدالت کے سامنے ہوں

اسلام آباد (خبرنگار) ہائی کورٹ نے پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول کے مستقل ڈی جی کی تعیناتی کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوائے گئے معاملے پر چار ہفتوں میں پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔ جسٹس بابر ستار نے ریمارکس دیے عدالت توقع کرتی ہے وفاقی کابینہ مستقل تعیناتی سے متعلق ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کرے گی۔ ٹوٹل دو ماہ کی تو حکومت رہ گئی ہے عزت سے معاملات نمٹا کر گھر جائیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار نے قائم مقام ڈی جی پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول غلام فاروق کو عدالتی حکم امتناع کے باوجود دوبارہ چارج دینے پر دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ عدالتی حکم پر پیش ہوئے اور بتایا کہ ڈی جی پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول کی مستقل تعیناتی کا معاملہ کابینہ کو بھجوایا ہے، ایک (بقیہ نمبر 12)

کینٹ بورڈ انتظامیہ کی عدم توجہ، ڈھوک سیداں گردو نواح کی سٹریٹ لائٹس خراب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کینٹ کے علاقے ڈھوک سیداں گردونواح میں شام ہوتے ہی اندھیر نگری چوپٹ راج قائم ہو جاتا ہے سٹریٹ لائٹ کا خراب ہونا اور بند ہونا انتظامیہ کی غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے بس جیبیں گرم ہونی چاہیے ان کو صرف پیسوں سے مقصد ہے چاہے وہ کہیں سے بھی آئیں ڈھوک سیداں جانب گرجا روڈ، ٹنچ روڈ، برف خانہ روڈ، ڈھوک سیداں تا کلمہ چوک (بقیہ نمبر 11)

ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں کمرتوڑ مہنگائی کے باعث عید کی خوشیاں ماند پڑ گئیں

بے حد مہنگائی کے باعث شاید ہر سال کی طرح اس عیدالاضحیٰ پر سنت ابراہیمی ادا نہ کر سکیں، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں کمر توڑ مہنگائی کے باعث عید کی خوشیاں ماند پڑ گئیں۔ بازاروں میں مہنگائی کے باعث خریداری کا رجحان انتہائی کم ہو گیا جبکہ عیدالا (بقیہ نمبر 9)

ریسکیو 1122 نے عیدالاضحیٰ کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی

تمام تحصیلوں سمیت ضلع راولپنڈی میں ریسکیو 1122 الرٹ رہے گی، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ریسکیو 1122 راولپنڈی کی ایمرجنسی ایمبولینس، ریسکیو، موٹر بائیک سروس اور فائر سروس ضلع بھر میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات پر ایمرجنسی میں مدد کے لیے الرٹ رہیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی (بقیہ نمبر 10)



لاہور: نیب نے چیئرمین پی ٹی آئی کو توشہ خانہ کیس میں کل طلب کر لیا

عسکری ٹاور حملہ کیس، خدیجہ شاہ اور اعجاز چوہدری کی ضمانتیں خارج

انسداد دہشت گردی عدالت نے ملوث ملزموں کی ضمانتوں پر محفوظ فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) عسکری ٹاور حملہ کیس، انسداد دہشت گردی عدالت نے خدیجہ شاہ اور دیگر ملزموں کی درخواست ضمانت خارج کر دی۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت (بقیہ نمبر 15)

پاناما اسکینڈل، ایف آئی اے نے پرویز الٰہی کیخلاف مقدمہ درج کر لیا

لاہور (نیوز رپورٹر) ایف آئی اے کی جانب سے درج مقدمے کے بعد چوہدری پرویز الٰہی کی نئے مقدمے میں گرفتاری متوقع ہے، ایف آئی آر کے متن مطابق منی لانڈرنگ اور کرپشن کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ پرویز الٰہی اور مونس الٰہی نے 5 کمپنیز میں (بقیہ نمبر 16)



اسلام آباد: سیلاب متاثرین کی بحالی، کے فور منصوبے پر سندھ حکومت سے تعاون کریں گے: اسحاق ڈار

PAF ایئر وار کالج انسٹی ٹیوٹ میں منعقدہ 36 ویں ایئر وار کورس کی گریجویشن تقریب

ایئر مارشل عبدالمعید خان ڈپٹی چیف آف دی ایئر سٹاف 'ایئر ڈیفنس'، اس موقع پر مہمان خصوصی تھے

مہمان خصوصی نے انہیں کورس کی کامیاب تکمیل اور اپنے کیریئر میں اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے پر مبارکباد دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پی اے ایف ایئر وار کالج انسٹی ٹیوٹ، کراچی میں آج 36 ویں ایئر وار کورس کی کانووکیشن اینڈ گریجویشن تقریب منعقد ہوئی۔ ایئر مارشل عبدالمعید خان ڈپٹی چیف آف دی ایئر سٹاف) ایئر ڈیفنس (اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔ فارغ التحصیل ہونے والے (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: پی اے ایف ایئر وار کالج انسٹی ٹیوٹ میں منعقدہ 36 ویں ایئر وار کورس کی گریجویشن تقریب

9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتا ہوں، غلام سرور خان کا پی ٹی آئی سے علیحدگی کا اعلان

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنماء غلام سرور خان نے 9 مئی کی مذمت کرتے ہوئے تحریک انصاف چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ غلام سرور خان گزشتہ روز گرفتار ہوئے تھے (بقیہ نمبر 26)

حکومت کا جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ملٹری کورٹس پر بننے والے بینچ سے علیحدہ ہونے کا خیر مقدم

کل ہی کہا تھا بینچ غیر قانونی بنایا گیا ہے، جسٹس فائز عیسیٰ نے بینچ سے علیحدہ ہو کر بالکل ٹھیک کیا

چیف جسٹس مرضی سے بینچ بنا رہے ہیں، یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے، وزیراعظم کے معاون خصوصی عرفان قادر کی گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل کیخلاف درخواستوں پر سماعت کرنے والا سپریم کورٹ کا بینچ ٹوٹ گیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ بینچ سے الگ ہو گئے۔ اسی حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے احتساب عرفان قادر نے کہا ہے کہ کل ہی کہہ دیا تھا (بقیہ نمبر 17)

عمر سرفراز چیمہ کی اہلیہ کو احاطہ عدالت سے حراست میں لے لیا گیا

سابق گورنر عمر سرفراز چیمہ کی اہلیہ ملاقات کیلئے عدالت پہنچیں تھیں

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق گورنر عمر سرفراز چیمہ کی اہلیہ کو اے ٹی سی عدالت کے احاطے سے حراست میں لے لیا گیا۔ عمر سرفراز چیمہ کو آج جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ عمر سرفراز چیمہ کی اہلیہ ملاقات کیلئے عدالت پہنچ گئی تھی جہاں سے انہیں حراست میں لیا گیا۔ تاحال واضح نہیں ہو سکا کہ عمر سرفراز چیمہ کی اہلیہ کو کس مقدمے میں گرفتار کیا گیا۔ 12 جون کو لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم پنجاب کو سابق گورنر پنجاب و سابق مشیر داخلہ عمر سرفراز چیمہ کو جیل میں سہولیات کی فراہمی کیلئے زیرالتوا درخواست پر تین دن میں فیصلہ کرنے کا حکم دیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 22)

انصاف کا جھنڈا اب بھی ہاتھ میں ہے، شاہ محمود قریشی

آج پشاور ہائیکورٹ آ گئے اور ہمیں راہداری ضمانت دی گئی

پارٹی نے ان کو جو سوال بھیجے ہیں ان کا جواب آئے گا تو پھر بات کریں گے

پشاور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ انصاف کا جھنڈا اب بھی ہاتھ میں ہے۔ شاہ محمود قریشی نے پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں گرفتاری کا خدشہ تھا، آج پشاور ہائیکورٹ آ گئے اور ہمیں راہداری ضمانت دی (بقیہ نمبر 18)

فیصل آباد، ڈاکوؤں کا مسلح گروہ سوا کروڑ مالیت کے چاولوں اور مرچوں سے لوڈ ٹرک چھین کر فرار

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد تھانہ مریدوالہ کے علاقہ 204 گ ب کے نواح میں ڈاکوؤں کا مسلح گروہ سوا کروڑ روپے مالیت کے چاولوں اور مرچوں سے لوڈ ٹرک چھین کر فرار ہو گیا (بقیہ نمبر 19)

پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد انتظامیہ نے ہیٹ ویو الرٹ جاری کر دیا

تمام ڈاکٹرز اور اسٹاف کو 24 جون تک حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد انتظامیہ نے ہیٹ ویو الرٹ جاری کر دیا ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق تمام ڈاکٹرز اور اسٹاف 24 جون تک اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔ ہیٹ اسٹروک سے متاثرہ مریضوں کے لیے پیشگی انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ ہسپتال کے ڈاکٹروں کی جانب سے شہریوں کو گرمی سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کرنے (بقیہ نمبر 23)

انتظامی معاملات میں مداخلت: سیکریٹری الیکشن کمیشن کا پنجاب، خیبر پختونخوا کے وزرائے اعلیٰ کو خط

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے نگراں وزرائے اعلیٰ کو لکھے گئے خط میں خدشہ ظاہر (بقیہ نمبر 27)

پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، مولانا عبدالعزیز کے خلاف مقدمہ درج

مولانا عبدالعزیز کیخلاف انسداد دہشتگردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے مولانا عبدالعزیز کے خلاف تھانہ سی ٹی ڈی (کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ) میں مقدمہ درج کر لیا۔ گزشتہ روز ناکے پر موجود پولیس (بقیہ نمبر 28)

پاکستانی جامعات میں ہولی پر پابندی کا نوٹیفکیشن واپس

اسلام میں غیر مسلموں کے ساتھ مودت و محبت کا رشتہ تو جائز نہیں ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کے معروف عالم دین اور مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمان نے مسلمانوں کے ہولی اور دیوالی منانے پر مذمتی بیان جاری کر دیا۔ مفتی منیب الرحمان نے اپنے ٹویٹ قرآنی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اسلام میں غیر مسلموں کے ساتھ مودت و محبت کا رشتہ تو جائز نہیں ہے البتہ موقع کی مناسبت سے مدارات اور رواداری کی گنجائش ہے۔ ٹویٹ میں مفتی منیب الرحمان نے مزید لکھا کہ حال ہی میں قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ و طالبات (بقیہ نمبر 20)

پیپلز پارٹی نے لطیف کھوسہ کے بعد اعتزاز احسن کی بنیادی رکنیت بھی معطل کر دی

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نے لطیف کھوسہ کے بعد سینئر وکیل اعتزاز احسن کی بنیادی رکنیت بھی معطل کر دی۔ پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر رانا فاروق سعید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دونوں کی رکنیت معطل ہونے (بقیہ نمبر 21)

سولر انڈسٹری لگنے سے سولر سسٹم سستا ہو جائے گا، خرم دستگیر

بجلی کی مزید پیداوار کے لئے کام کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

ایک چینی کمپنی پاکستان میں ساڑھے 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر خرم دستگیر نے کہا ہے کہ ملک میں سولر انڈسٹری لگنے سے سولر سسٹم بہت سستا ہو جائے گا، بجلی کی مزید پیداوار کے لئے کام کر رہے ہیں، نیوکلیئر پلانٹ سے سستی بجلی حاصل ہو گی۔ گوجرانوالہ میں میڈیا سے گفتگو میں خرم دستگیر خان نے کہا کہ سولر سسٹم کی قیمتوں (بقیہ نمبر 24)

نواز شریف انتخابی مہم نہیں انتخابی تحریک کیلئے آ رہے ہیں، جاوید لطیف

عمران کی منصوبہ سازی ناکام ہو چکی، 9 مئی واقعات میں ملوث افراد سے رعایت نہیں برتی جا سکتی

انہوں نے کہا کہ ووٹ کی عزت صرف ووٹ ڈالنا نہیں، نتائج تسلیم کرنا ووٹ کی اصل عزت ہے، وفاقی وزیر



لاہور: ملٹری ٹرائل کیخلاف اس 7 رکنی بینچ کا فیصلہ بھی کوئی نہیں مانے گا: عرفان قادر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر جاوید لطیف نے کہا ہے کہ نواز شریف انتخابی مہم کے لئے نہیں انتخابی تحریک کے لئے آ رہے ہیں، عمران کی منصوبہ سازی ناکام ہو چکی، 9 مئی واقعات میں ملوث افراد سے رعایت نہیں برتی جا سکتی، نتائج تسلیم کرنا ووٹ کی اصل عزت ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس اور ایک بیان میں وفاقی وزیر جاوید لطیف نے کہا کہ ملک کو اس بھنور سے نکالنے کی امید صرف نواز شریف سے ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے نواز شریف کو دو تہائی اکثریت دی تو ملک کو ناقابل تسخیر بنا کر دکھایا، نواز شریف اپنے دور میں مہنگائی 4 فیصد پر لائے، انڈسٹری لگائی۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 29)

ہیٹ ویو قہر ڈھاتی گرمی گوجر خان گردونواح میں بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ

محکمہ واٹر سپلائی کی نااہلی کے سبب شہر میں پانی کا شدید بحران رہتی کسر واپڈا نے نکال دی

بچے بوڑھے خواتین و حضرات بلبلا اٹھے محکمہ واٹر سپلائی اور واپڈا کی غلط پالیسیوں پر شہریوں کی دہائیاں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق شدید ہیٹ ویو اور قہر ڈھاتی شدید گرمی میں گوجر خان میں محکمہ واٹر سپلائی کے انجینئر کی مہربانیوں کی بدولت شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا رہتی کسر شہر اور گردونواح میں بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ نے نکال دی نہ بجلی اور نہ پانی شہری شدید اذیت کا شکار شدید حبس اور گرمی سے بچے بوڑھے خواتین حضرات بلبلا اٹھے ہیٹ ویو کی شدت کے باعث محکمہ واپڈا اپنی کارستانیوں سے باز نہ آ سکا بجلی کی غیر منصفانہ تقسیم تحصیل کے گردونواح میں بجلی کا (بقیہ نمبر 30)

اوکاڑہ تھانہ کینٹ پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار ساڑھے تین کلو منشیات برآمد

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) اوکاڑہ پولیس کا نواحی گاؤں نوفوراایل میں چھاپہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک منشیات فروش کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزم کی شناخت انور کے نام سے ہوئی ہے ملزم کے قبضے سے ساڑھے تین کلو منشیات برآمد۔ منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بلاتفریق جاری رہے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: عوام کے کندھوں سے دکھوں کی گٹھڑی اتار پھینکیں گے: عبدالعلیم خان

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کپاس کی فصل کے مسائل

پنجاب حکومت نے کپاس کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت کرنے کے لئے مختلف نوعیت کے اقدامات کئے ہیں جس میں رواں سال اس کی کاشت کا ہدف 80 لاکھ ایکڑ سے زیادہ رکھا جانا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ محکموں کی رپورٹ میں دعوی کیا جارہا ہے کہ مقررہ ہدف سے زیادہ رقبے پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں ہر طرح کے زرعی خام مال اصلی اور مارکیٹ ریٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جنوبی پنجاب میں سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی جعلی زرعی ادویات اور بغیر تصدیق شدہ بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان بھی شروع کر دیا ہے۔ جس پر زرعی ادویات فروخت کرنے والی کمپنیوں کی نمائندہ تنظیم نے کریک ڈان کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کارروائیاں روکنے کا مطالبہ کیا ہے جو تسلیم نہ ہوا تو پیسٹی ڈیلرز نے احتجاجا شٹر ڈان کر دیا۔ کسان اس وقت حکومت اور زرعی خام مال بیچنے والوں کے درمیان کھینچا تانی سے پریشان ہے اور ان کی نمائندہ تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ادویات اور کھادوں سمیت مختلف طرح کے خام مال کی مارکیٹ ریٹ پر دستیابی یقینی بنائے تا کہ کپاس کی بھرپور فصل پیدا کی جاسکے جو ٹیکسٹائل برآمدات کے لئے براہ راست جبکہ ملکی معیشت کے لئے بالواسطہ ضروری ہے۔ پنجاب حکومت نے کپاس کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت کرنے کے لئے مختلف نوعیت کے اقدامات کئے ہیں جس میں رواں سال اس کی کاشت کا ہدف 80 لاکھ ایکڑ سے زیادہ رکھا جانا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ محکموں کی رپورٹ میں دعوی کیا جارہا ہے کہ مقررہ ہدف سے زیادہ رقبے پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں ہر طرح کے زرعی خام مال اصلی اور مارکیٹ ریٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جنوبی پنجاب میں سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی جعلی زرعی ادویات اور بغیر تصدیق شدہ بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان بھی شروع کردیا ہے جس پر زرعی ادویات فروخت کرنے والی کمپنیوں کی نمائندہ تنظیم نے کریک ڈان کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کارروائیاں روکنے کا مطالبہ کیا ہے جو تسلیم نہ ہوا تو پیسٹی ڈیلرز نے احتجاجا شٹر ڈان کر دیا۔ کسان اس وقت حکومت اور زرعی خام مال بیچنے والوں کے درمیان کھینچا تانی سے پریشان ہے اور ان کی نمائندہ تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ادویات اور کھادوں سمیت مختلف طرح کے خام مال کی مارکیٹ ریٹ پر دستیابی یقینی بنائے تا کہ کپاس کی بھرپور فصل پیدا کی جاسکے جو ٹیکسٹائل برآمدات کے لئے براہ راست جبکہ ملکی معیشت کے لئے بالواسطہ ضروری ہے۔ پنجاب حکومت نے کپاس کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت کرنے کے لئے مختلف نوعیت کے اقدامات کئے ہیں جس میں رواں سال اس کی کاشت کا ہدف 80 لاکھ ایکڑ سے زیادہ رکھا جانا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ محکموں کی رپورٹ میں دعوی کیا جارہا ہے کہ مقررہ ہدف سے زیادہ رقبے پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں ہر طرح کے زرعی خام مال اصلی اور مارکیٹ ریٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جنوبی پنجاب میں سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی جعلی زرعی ادویات اور بغیر تصدیق شدہ بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان بھی شروع کردیا ہے جس پر زرعی ادویات فروخت کرنے والی کمپنیوں کی نمائندہ تنظیم نے کریک ڈان کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کارروائیاں روکنے کا مطالبہ کیا ہے جو تسلیم نہ ہوا تو پیسٹی ڈیلرز نے احتجاجا شٹر ڈان کر دیا۔ کسان اس وقت حکومت اور زرعی خام مال بیچنے والوں کے درمیان کھینچا تانی سے پریشان ہے اور ان کی نمائندہ تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ادویات اور کھادوں سمیت مختلف طرح کے خام مال کی مارکیٹ ریٹ پر دستیابی یقینی بنائے تا کہ کپاس کی بھرپور فصل پیدا کی جاسکے جو ٹیکسٹائل برآمدات کے لئے براہ راست جبکہ ملکی معیشت کے لئے بالواسطہ ضروری ہے۔ پنجاب حکومت نے کپاس کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت کرنے کے لئے مختلف نوعیت کے اقدامات کئے ہیں جس میں رواں سال اس کی کاشت کا ہدف 80 لاکھ ایکڑ سے زیادہ رکھا جانا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ محکموں کی رپورٹ میں دعوی کیا جارہا ہے کہ مقررہ ہدف سے زیادہ رقبے پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں ہر طرح کے زرعی خام مال اصلی اور مارکیٹ ریٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جنوبی پنجاب میں سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی جعلی زرعی ادویات اور بغیر تصدیق شدہ بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان بھی شروع کردیا ہے جس پر زرعی ادویات فروخت کرنے والی کمپنیوں کی نمائندہ تنظیم نے کریک ڈان کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کارروائیاں روکنے کا مطالبہ کیا ہے جو تسلیم نہ ہوا تو پیسٹی ڈیلرز نے احتجاجا شٹر ڈان کر دیا۔ کسان اس وقت حکومت اور زرعی خام مال بیچنے والوں کے درمیان کھینچا تانی سے پریشان ہے اور ان کی نمائندہ تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ادویات اور کھادوں سمیت مختلف طرح کے خام مال کی مارکیٹ ریٹ پر دستیابی یقینی بنائے تا کہ کپاس کی بھرپور فصل پیدا کی جاسکے جو ٹیکسٹائل برآمدات کے لئے براہ راست جبکہ ملکی معیشت کے لئے بالواسطہ ضروری ہے۔ پنجاب حکومت نے کپاس کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبے پر کاشت کرنے کے لئے مختلف نوعیت کے اقدامات کئے ہیں جس میں رواں سال اس کی کاشت کا ہدف 80 لاکھ ایکڑ سے زیادہ رکھا جانا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متعلقہ محکموں کی رپورٹ میں دعوی کیا جارہا ہے کہ مقررہ ہدف سے زیادہ رقبے پر کپاس کاشت کی گئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں ہر طرح کے زرعی خام مال اصلی اور مارکیٹ ریٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جنوبی پنجاب میں سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی جعلی زرعی ادویات اور بغیر تصدیق شدہ بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان بھی شروع کردیا ہے۔

طلاق کا معاشرے میں بڑھتا ہوا رجحان

تحریر: بشریٰ چودھری

طلاق معاشرے میں بڑھتا ہوا رجحان بن گیا ہے، شادیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد علیحدگی پر ختم ہو رہی ہے۔ طلاق کی وجوہات پیچیدہ اور کثیر جہتی ہیں، ذاتی اختلافات اور مالی جدوجہد سے لے کر بے وفائی اور بدسلوکی تک۔ ایک بار طلاق سے منسلک سماجی بدنامی کے باوجود، زیادہ لوگ اپنی شادیوں کو ختم کرنے اور اپنی زندگی کے ساتھ آگے بڑھنے کا انتخاب کر رہے ہیں۔

طلاق کی شرح میں اضافے کی ایک وجہ معاشرے میں مردوں اور عورتوں کے بدلتے ہوئے کردار ہیں۔ ماضی میں، خواتین اکثر مالی طور پر اپنے شوہروں پر منحصر ہوتی تھیں، اور طلاق ایک قابل عمل آپشن نہیں تھا۔ تاہم، زیادہ خواتین کے افرادی قوت میں داخل ہونے اور مالی آزادی حاصل کرنے کے ساتھ، وہ اب ناخوش شادیوں میں رہنے پر مجبور نہیں ہیں۔ اس بڑھتی ہوئی آزادی نے خواتین کو اپنی زندگیوں اور رشتوں کے بارے میں انتخاب کرنے کا اختیار دیا ہے، جس سے طلاق کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔

طلاق کی شرح میں اضافے کا ایک اور عنصر شادی کے حوالے سے بدلتا ہوا رویہ ہے۔ اگرچہ کبھی شادی کو زندگی بھر کی وابستگی کے طور پر دیکھا جاتا تھا، لیکن آج بہت سے لوگ اسے ایک عارضی انتظام کے طور پر دیکھتے ہیں جو اگر ان کی ضروریات کو پورا نہ کرے تو اسے آسانی سے تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ رویوں میں اس تبدیلی نے طلاق کو ایک زیادہ قابل قبول اختیار بنا دیا ہے، خاص طور پر نوجوان نسلوں میں جو روایت پر ذاتی خوشی کو ترجیح دیتے ہیں۔

میڈیا اور تفریحی صنعت میں طلاق کا پھیلاؤ بھی اس کے بڑھتے ہوئے رجحان میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ ٹیلی ویژن شوز اور فلمیں اکثر طلاق کو رومانوی تعلقات میں ایک عام اور ضروری قدم کے طور پر پیش کرتی ہیں، اس عمل کو معمول پر لاتی ہیں اور اس سے جڑے بدنما داغ کو کم کرتی ہیں۔ میڈیا کے اس اثر و رسوخ نے لوگوں کو یہ تاثر دیا ہے کہ طلاق جدید زندگی کا ایک عام حصہ ہے، جس سے ازدواجی مشکلات کا سامنا کرتے وقت ان کے لیے اسے ایک آپشن کے طور پر سمجھنا آسان ہو گیا ہے۔ ان تبدیلیوں کے باوجود، طلاق ایک مشکل اور جذباتی طور پر چیلنجنگ عمل ہے۔ یہ خاص طور پر ان بچوں کے لیے مشکل ہو سکتا ہے، جو ایک متنازعہ طلاق کے بیچ میں پھنس سکتے ہیں یا اپنے والدین کی علیحدگی کے جذباتی نتائج کے ساتھ جدوجہد کر سکتے ہیں۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ طلاق یافتہ والدین کے بچوں میں جذباتی اور طرز عمل کے مسائل پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، جیسے ڈپریشن، اضطراب اور مادے کی زیادتی۔ اس کے علاوہ، طلاق مالی اور جذباتی طور پر مہنگی ہو سکتی ہے، جس سے آمدنی میں کمی، اثاثوں کی تقسیم، اور قانونی فیس ہو سکتی ہے۔ معاشرے میں طلاق کے بڑھتے ہوئے رجحان سے نمٹنے کے لیے، اس کی بنیادی وجوہات کو سمجھنا اور صحت مند رشتوں کی حمایت کے لیے حکمت عملیوں پر عمل درآمد کرنا ضروری ہے۔ تعلیم اور مشاورت جوڑوں کو مواصلات کی مہارتوں اور تنازعات کے حل کی حکمت عملیوں کو فروغ دینے میں مدد کر کے طلاق کو روکنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ موثر طریقے سے بات چیت کرنے اور اختلاف رائے کو نیویگیٹ کرنے کا طریقہ سیکھ کر، جوڑے مضبوط، صحت مند تعلقات استوار کر سکتے ہیں جو شادی میں پیدا ہونے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں۔ مزید برآں، شادی کی مشاورت اور علاج جیسے وسائل تک رسائی کو بہتر بنانے سے جوڑوں کو اپنے اختلافات کو دور کرنے اور طلاق سے بچنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ یہ خدمات ان جوڑوں کے لیے مدد اور رہنمائی فراہم کر سکتی ہیں جو مواصلات یا دیگر مسائل کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں جو ان کی شادی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ مشاورت کے ذریعے، جوڑے چیلنجوں پر قابو پانے اور اپنے تعلقات کو دوبارہ بنانے، اپنے بندھن کو مضبوط بنانے اور طلاق کو روکنے کا طریقہ سیکھ سکتے ہیں۔ آخر میں، پالیسی ساز بھی خاندانوں کے لیے وسائل اور مدد فراہم کر کے طلاق کے بڑھتے ہوئے رجحان سے نمٹنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس میں سستی صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، اور ملازمت کے تربیتی پروگراموں تک رسائی میں اضافہ، نیز طلاق سے گزرنے والے خاندانوں کے لیے قانونی اور مالی مدد شامل ہو سکتی ہے۔ خاندانوں کو طلاق کے چیلنجوں پر تشریف لے جانے اور مضبوط، صحت مند تعلقات استوار کرنے میں مدد کرنے کے لیے وسائل فراہم کر کے، پالیسی ساز افراد اور معاشرے پر مجموعی طور پر طلاق کے منفی اثرات کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ آخر میں، طلاق مختلف وجوہات کی بنا پر معاشرے میں بڑھتا ہوا رجحان بن گیا ہے، جیسے شادی کے حوالے سے بدلتے ہوئے رویوں، معاشرے میں مرد اور عورت کے بدلتے کردار، اور میڈیا کا اثر۔ اگرچہ طلاق ایک مشکل اور جذباتی طور پر چیلنج کرنے والا عمل ہو سکتا ہے، لیکن ایسی حکمت عملی موجود ہیں جن پر عمل درآمد صحت مند رشتوں کی حمایت اور طلاق کو روکنے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ تعلیم، مشاورت، اور وسائل تک رسائی سبھی جوڑوں کو شادی کے چیلنجوں سے نمٹنے اور علیحدگی سے بچنے میں مدد کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مل کر کام کرنے سے، افراد، خاندان، اور پالیسی ساز طلاق کے بڑھتے ہوئے رجحان سے نمٹنے اور مضبوط، صحت مند کمیونٹیز بنانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

عنوان: دشت کا الٹا نقشہ

الماس العین خالد

یونان میں ہونے والا کشتی کا واقعہ زبان زدِ عام ہے، اس واقعے کے پیچھے کئی سوال ہیں، جن کے جواب مانگیں تو اشرافیہ برا مان جاتے ہیں۔ اس ملک کی 80 فیصد سے زیادہ عوام کا پیٹ بھر کر کھانا، بچوں کو تعلیم دینا اور زندگی کی دوسری سہولیات حاصل کرنا محال ہے، میں نے سڑک پر لوگوں کو کسی فلاسفر کی مانند سوچ میں غوطے لگا کر رکشہ، موٹر سائیکل چلاتے دیکھا ہے۔ میں نے خود ان آنکھوں سے ٹھیلے والوں، دوکانداروں، پیدل چلنے والوں اور سڑک کے کنارے اپنے اوزار اٹھائے کھڑے مزدوروں کے چہروں پر گہری سوچ، غم، افسردگی، مایوسی، اور درد کی داستانیں دیکھی ہیں، خاموشی کا لبادہ اوڑھے انکی داستانیں چیخ چیخ کر دہائی دے رہی ہیں، میں ماہرِ نفسیات نہیں ہوں، مگر پھر بھی انکے چہروں کی کہانیاں نظر آتی ہیں، اور دکھ کی انتہا یہ ہے کہ اپنی بے بسی پر رونا آتا ہے کہ ہم ان کے لئے کچھ نہیں کر پاتے۔ اور جن کے بس میں ہے حالات بدلنا ان کی بے حسی کا یہ عالم ہے کہ ایسے حالات میں ان غریبوں، مسکینوں اور غمزدہ لوگوں کی ڈھارس بننے کی بجائے جلتی پر تیل ڈالنے سے بھی باز نہ آئے، ان گنہگار کانوں نے یہ بھی سنا تھا، یقین نہیں آتا، دل ماننے کو تیار نہیں کہ سینٹ میں اشرافیہ کی مراعات کی خاطر جس قدر آسانی سے بل منظور ہوا، اس بل کو پاس کرنے اور کروانے والوں کو کشتی میں ڈوب جانے والوں کے خاندانوں کے دکھ کی وجہ سمجھنا چاہیے تھی، شرم سے ڈوب مرنے کا مقام ہے، ان کے خاندان والوں نے نہ جانے کیسے کیسے خواب سجا کر، امیدیں باندھ کر اپنے جگر کے ٹکڑوں کو رخصت کیا ہوگا، اچھے وقت کا انتظار ہوگا انکی آنکھوں میں۔ اچھا وقت تو آنے سے قبل ہی دم توڑ گیا ساتھ ہی ان کی امیدیں بھی خاک میں مل گئیں۔ اس پر یہ بل۔۔۔۔

سنا تو یہ تھا کہ ہمسائے کی دیوار سے اونچی دیوار بنانا بھی جرم ہے، بڑوں نے سکھایا تو یہی تھا کہ کسی کم ہمت انسان کے سامنے اسطرح سج دھج کرمت جا کہ وہ احساس محرومی یاں کمتری کا شکار ہو جائے، ایک طرف عوام ہنستا مسکرانا بھول گئی ہے مایوسی کا شکار کفر کے دھانے پر کھڑی ہے، دوسری طرف ایسا بل منظور کرنے والوں کو خیال کیوں نہ آیا کہ

لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

انبیا کرام نے ہر دور میں اللہ کے پیغام کو انسانوں تک پہنچایا، اللہ کے قانون کو نافذ کروایا، بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اللہ کی پیروی ہے، انھوں نے جو نظام متعارف کروایا وہی دراصل اللہ کا نظام ہے، قانون تو یہ تھا کہ چوری کرنے والوں کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں، یہاں ہاتھ کاٹنے کی بجائے اپنے فائدے کی خاطر انھیں اقتدار سونپ دیا گیا، زنا کرنے والوں کو کوڑے یاں سنگسار کیا جائے، یہاں ایسے لوگوں کو اشرافیہ کی حیثیت حاصل ہے، ان کی سہولت کے لیے کلب اور آرام گاہیں بنادی گئیں۔ قانون تو یہ تھا کہ خون کا بدلہ خون ہو، یہاں قاتل بڑے بڑے عہدوں پر بڑی شان سے بیٹھے ہیں، اور بے گناہ مارے جا رہے ہیں، قانون تو یہ تھا کہ صاحب حیثیت افراد سے صدقہ، خیرات، زکو، عشر، فطرانہ اور وظائف کی صورت میں مال اکٹھا کیا جائے اور نادار طبقے کو سہولت دی جائے۔ کیسی بد بخت قوم ہے جہاں اللہ کو ماننے والوں نے ہی اللہ کے بنائے نظام اور قانون کو رد کر کے اپنے قوانین بنا لئے ہیں۔ بھوکی، مایوس، غریب اور دکھی عوام کو نوچ نوچ کر صاحب حیثیت افراد کو نوازا جارہا ہے۔ یاد رہے یہ سب خلاف قانونِ قدرت ہے۔ انسان کا بنایا قانون اللہ کے بنائے قوانین کے مدمقابل آ گیا ہے۔ اور جس جس نے اس میں اپنا حصہ ڈالا ہے وہ تیار رہے کہ جیت قدرت کی ہر حال میں ہوتی ہوتی ہے، دیر لگ جاتی ہے مگر اندھیر نہیں ہوتی۔ مسلمان کو زیب نہیں دیتا کہ وہ اللہ کے بنائے قوانین کو رد کرے، مگر پوری قوم نے دیکھا ہے کہ اس ملک میں غریب کو نوچا گیا ہے بار بار نوچا گیا ہے۔ یہ ایوانوں میں بیٹھے با اختیار تھے، چاہتے تو اس مشکل وقت میں لوگوں کو کوئی امید، کوئی خوشی دے سکتے تھے لیکن نہیں، انھوں نے تو اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد تک کا بھی پکا انتظار کرلیا ہے۔

تاریخ گواہ ہے کہ صلاح الدین ایوبی، محمود غزنوی جیسے اگلی صفوں میں لڑنے والے جری بادشاہ جب دنیا سے گئے تو انکی کل جائیداد میں مصلہ، چند برتن، تلوار اور چند سکوں کے علاوہ کچھ نہیں تھا، پھر بھی تاریخ انھیں سنہرے حروف میں یاد رکھتی ہے، عبدالستار ایدھی اور مدر ٹریسا جیسے لوگ جنھوں نے انسانیت کی خدمت میں زندگی گزار دی، ایک سادہ اور عام لباس میں بھی، پوری دنیا انھیں عزت و احترام کی نظر سے دیکھتی ہے، اور انھیں بھی ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔

اس ملک کے با اختیار لوگوں سے کوئی پوچھے کہ جس نے تمھیں پیدا کیا ہے، جس کے پاس تمھیں یقیناً واپس جانا ہے، جس کے سامنے تم نے جواب دینا ہے، حساب دینا ہے، اسکے بنائے نظام اور قانون کو رد کر کے اپنے قانون بنانے کی جرات تم میں کہاں سے آتی ہے، یاں پھر ہم یہ مان لیں کہ جس ممکنہ دجالی نظام کا ذکر ہم سنتے آ رہے ہیں یہ سب اس کا حصہ ہیں، خزانوں کے منہ کھول دیئے گئے ہیں، طاقت کے زور پر کمزور کو بے بس کیا جا رہا ہے، اور قدرت کے بنائے نظام کے خلاف میدان جنگ سجانے پر بضد ہیں۔ اگر ایسا ہے تو خیال رہے، کہ تم ہو فرعون تو موسی بھی ضرور آئے گا

دعائیں تقدیر بدلتی ہیں، پہاڑ ہلا دیتی ہیں، پر یہ بھی مت بھولیں کہ بددعائیں بھی عرش ہلا دیتی ہیں، پچھلے ایک سال میں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے، نہ جانے کتنے مظلوموں کی بددعائیں اٹھیں ہیں اور ہوا میں معلق ہیں، اس دجالی نظام کو سہارا دینے والے یاد رکھیں کہ ان معلق بددعاں نے جس دن عرشِ الٰہی کو ہلا دیا تو پھر چاہے ان کے پاس خزانوں کے انبار ہی کیوں نہ ہوں، مراعات اور سیکورٹی کی بھرمار ہی کیوں نہ ہو، ان کا انجام بھی شداد، نمرود اور فرعون جیسا ہی ہوگا، ہوش کے ناخن لیں، اللہ کے بنائے نظام اور قوانین کو بدل کر اس کے الٹ قوانین بنانے سے باز رہیں، ورنہ اس کا قانون حرکت میں آ جائے گا۔۔۔ اب بھی وقت ہے۔ معافی مانگ لیں، بیشک وہ رحم کرنے والا اور معاف کرنے والا ہے۔

آئی ایم ایف کی سرخ جھنڈی

ایک بات تو طے ہو چکی کہ 30 جون 2023 کو آئی ایم ایف کا پروگرام نواں ریویو مکمل کئے بغیر اختتام پذیر ہوگا کیونکہ آئی ایم ایف بورڈ کے رواں ماہ کے آخر میں منعقدہ اجلاس کے بیان کردہ ایجنڈے میں پاکستان کا کہیں ذکر نہیں ہے گویا ہمیں 101 ارب ڈالر کی قسط نہیں ملے گی اور اس طرح جاری پروگرام مکمل ہوئے بغیر ہی 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہوگا۔ یہ اچھا شگون نہیں ہے

مصطفیٰ کمال پاشا

ہم نے آئی ایم ایف کی جائز و ناجائز شرائط مان بھی لیں۔ ان پر پیشگی عمل بھی کر دکھایا۔ ہم نے اپنے عوام کو مکمل طور پر پیس کر رکھ دیا کہ آئی ایم ایف خوش ہو جائے۔ ہم نے اپنا مرکزی بینک بھی انہی کی شرائط پر ان کے حوالے کر دیا کہ کہیں وہ ناراض نہ ہو جائیں۔ ہم نے بجلی گیس و پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان تک پہنچا دیں کہ آئی ایم ایف کو واپس لوٹانے کے لئے پیسے اکھٹے ہوسکیں ہم نے ہر وہ کام کیا جو آئی ایم ایف نے کہا۔ ہم نے ہر وہ قدم اٹھایا جو ہماری دانست میں آئی ایم ایف کی خوشنودی کے حصول کے لئے ضروری تھا لیکن معاملات لٹکتے ہی چلے گئے۔ ہماری امیدیں بار آور نہیں ہوسکیں۔ ہم نے ایک بہت اچھا کام کر دکھایا ہے ویسے ہماری نیت تو نہیں تھی کہ ہم آئی ایم ایف کے سہاروں کے بغیر معاشی سفر جاری رکھیں لیکن فنڈ نے ہمیں آگے لگائے رکھا شرائط پر شرائط ہم مانتے گئے لیکن فنڈ نے آخری شرط، شرح سود کو 27 فیصد تک بڑھانے کی رکھی۔ ویسے پہلے ہی ہم پوری دنیا میں سب سے بلند شرح سود رکھنے والا ملک ہیں 21/22 فیصد سرکاری شرح سود کے ساتھ اندرونی و بیرونی سرمایہ کاری نا ممکنات میں سے ہے ہماری زرعی منڈی اتنی بلند شرح سود کے باعث تلاطم کا شکار ہو چکی ہے معاشی پھیلا پر سقوط طاری ہے۔ قوت خرید سکڑتی چلی جارہی ہے ایسے میں شرح سود میں مزید اضافہ یقیناً جان لیوا ثابت ہوگا اس لئے ہم نے آئی ایم ایف کی یہ شرط نہیں مانی نتیجتاً انہوں نے ہمیں سرخ جھنڈی دکھا دی ہے۔ ویسے ہم ان کی یہ شرط بھی پوری کر دیتے تو انہوں نے پھر بھی ہمیں کچھ نہیں دینا تھا کیونکہ فنڈ صرف قرضے جاری کرنے کے لئے قائم نہیں کیا گیا ہے اس کا مقصد عالمی نظام معیشت پر اپنی گرفت مضبوط رکھنا ہے سرمایہ دارانہ نظام کی بالا دستی قائم رکھنا ہے گویا عالمی معاملات میں امریکہ کی بالا دستی قائم کرنا اور اسے مستحکم رکھنا فنڈ کے مقاصد میں شامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے فنڈ کی تمام شرائط مان بھی لیں ان پر عمل درآمد بھی کر لیا لیکن اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا اس کی وجہ سیاسی معاملات میں امریکی شرائط نہ ماننا ہے چین ایک سپر طاقت کے طور پر سامنے آ چکا ہے تجارتی، مالی اور اقتصادی معاملات کے علاوہ سفارتی معاملات میں بھی چین ایک فیصلہ کن حیثیت منوا رہا ہے چین کو امریکہ کے علاوہ یورپی یونین بھی اپنا حریف سمجھتی ہے چین نے ڈالر کی عالمی بالا دستی بھی چیلنج کر دی ہے۔ دوسری طرف پاکستان نہ صرف چین کا سٹریٹیجک پارٹنر بن چکا ہے بلکہ چین، روس، ایران، ترکی اور سعودی عرب کے ساتھ مل کر خطے میں نئی تاریخ رقم کر رہا ہے چین سی پیک کے ذریعے اپنے بین البراعظمی منصوبے بیلٹ اینڈ روڈ کی تکمیل کر چکا ہے خطے میں اپنا اثر و رسوخ بھی قائم کر رہا ہے دوسری طرف پاکستان روس کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کر چکا ہے روسی جہاز تیل لے کر پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ روس کا گرم پانیوں تک پہنچنے کا خواب شرمندہ تعبیر ہو چکا ہے پاکستان کے گیس پائپ لائن کے حوالے سے معاملات، ایران کے ساتھ زیر بحث لائے جا چکے ہیں۔ امریکہ نے ایران پر اقتصادی پابندیاں عائد کر رکھی ہیں ایران، سعودی عرب کے ساتھ اپنے سفارتی معاملات درست کر چکا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

رقص کا بہت شوق مگر والدین کی طرف سے اجازت نہیں: علیزے شاہ

علیزے شاہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ انہیں رقص کرنے کا تو بہت شوق ہے

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ علیزے شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ فلموں میں رقص کرنے کی والدین کی طرف سے اجازت نہیں۔ برطانوی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے اداکارہ علیزے شاہ نے کہا کہ فلموں میں کام کرنے کے لیے ابھی کم عمر ہوں اور والدین نے رقص کرنے کی اجازت نہیں دی۔ علیزے شاہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ انہیں رقص کرنے کا تو بہت شوق ہے لیکن کیمرے کے سامنے رقص نہیں کر سکتی، اس کے لیے مجھے اعتماد بڑھانا ہوگا۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ فواد خان کے ساتھ کام کرنے کی خواہش ہے۔

عالمی شہرت یافتہ قوال امجد صابری کو مداحوں سے بچھڑے 7 برس بیت گئے

پاکستان کے مایہ ناز قوال امجد صابری 23 دسمبر 1976 کو کراچی میں پیدا ہوئے

کراچی (شوبز نیوز) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی قوال امجد صابری کو مداحوں سے بچھڑے سات برس بیت گئے۔ پاکستان کے مایہ ناز قوال امجد صابری 23 دسمبر 1976 کو کراچی میں پیدا ہوئے، ان کا تعلق برصغیر کے معروف قوال گھرانے سے تھا، ان کے والد غلام فرید صابری اور چچا مقبول فرید صابری نے قوالی کی دنیا میں منفرد شناخت قائم کی اور صابری برادران کے نام سے مقبولیت حاصل کی۔ امجد فرید صابری نے اپنے والد غلام فرید صابری سے قوالی کی تربیت حاصل کی اور 12 برس کی عمر سے ہی اپنے والد کے ساتھ سٹیج پرفارمنس کا آغاز کر دیا تھا، انہوں نے شہرت کا سفر اپنے والد اور چچا کی مشہور قوالیاں پڑھ کر شروع کیا۔ امجد صابری کی مشہور قوالیاں اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا، جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا ان کی پہچان بن گئی، جسے سننے والے آج بھی آبدیدہ ہو جاتے ہیں۔ 22 جون 2016 کو امجد فرید صابری گھر سے سٹوڈیو جاتے ہوئے قاتلانہ حملے میں جاں بحق ہو گئے، اپنے پڑھے ہوئے نعتیہ اور صوفیانہ کلام کے باعث وہ مداحوں کے دلوں میں رہتی دنیا تک زندہ رہیں گے۔ 22 جون 2016 کو امجد فرید صابری گھر سے سٹوڈیو جاتے ہوئے قاتلانہ حملے میں جاں بحق ہو گئے، اپنے پڑھے ہوئے نعتیہ اور صوفیانہ کلام کے باعث وہ مداحوں کے دلوں میں رہتی دنیا تک زندہ رہیں گے۔

ایف بی آر کا نوٹس، عاطف اسلم نے 75 لاکھ کا ایڈوانس ٹیکس جمع کروا دیا

عاطف اسلم سے بکس آفس اکاؤنٹس، بینک اسٹیٹمنٹس سمیت دیگر اہم دستاویزات طلب کی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف گلوکار عاطف اسلم نے ایف بی آر کو 75 لاکھ روپے کی ادائیگی کر دی۔ رپورٹ کے مطابق عاطف اسلم کی جانب سے سال 2023 کے ایڈوانس ٹیکس کی مد میں 75 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی ہے، ایف بی آر نے عاطف اسلم کو ایڈوانس انکم ٹیکس کی ادائیگی کیلئے نوٹس جاری کر رکھا تھا جبکہ سال 2020 کا انکم ٹیکس آڈٹ بھی شروع کر رکھا ہے۔ ایف بی آر نے آڈٹ کیلئے گلوکار عاطف اسلم سے بکس آفس اکاونٹس، بینک اسٹیٹمنٹس سمیت دیگر اہم دستاویزات طلب کی ہیں۔

میرے بچے نماز، قرآن پاک پڑھتے اور روزے رکھتے ہیں: سنیتا مارشل

سنیتا مارشل نے کہا کہ بچوں کے دادی دادا زیادہ بہتر انداز سے ان کو سکھا سکتے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) سنیتا مارشل نے کہا ہے کہ میں نے اور حسن نے شادی سے قبل ہی یہ فیصلہ کرلیا تھا کہ بچے کس مذہب کو فولو کریں گے، یہ ہمارا مشترکہ فیصلہ تھا کہ بچے مسلمانوں کے طرز زندگی کو فالو کریں گے۔ پاکستان کی نامور اداکارہ اور ٹاپ ماڈل سنیتا مارشل نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ انٹرویو میں بتایا کہ وہ اپنے بچوں کی پرورش مسلمان طرز زندگی پر کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چونکہ وہ خود عیسائی ہیں اور ان کے شوہر حسن احمد مسلمان ہیں شادی سے قبل ہی ہم دونوں نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ بچوں کو کس مذہب کو فالو کروانا ہے۔ سنیتا نے کہا کہ چونکہ میں اپنے سسرال والوں کے ساتھ رہ رہی ہوں۔

جنسی ہراسگی کا الزام، تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے پروڈیوسر کیخلاف مقدمہ درج

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی ڈرامے تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے پروڈیوسر کے خلاف جنسی ہراسگی کے الزام پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس نے تارک مہتا کا الٹا چشمہ کی کاسٹ میں شامل اداکارہ کی شکایت پر پروڈیوسر آست کمار مودی کے خلاف مقدمہ درج کیا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ اداکارہ نے پولیس میں درج کرائی گئی شکایت میں ڈرامے کے پروڈیوسر آست کمار مودی، پروجیکٹ ہیڈ سہیل رامانی اور ایگزیکٹو پروڈیوسر جتین بجاج پر کام کے دوران جنسی طور پر ہراساں کرنے اور ذہنی اذیت پہنچانے کے الزامات عائد کیے۔

بالی ووڈ انڈسٹری چھوڑنے کے حوالے سے کاجل اگروال کا ردعمل سامنے آگیا

اداکارہ کی سالگرہ کے موقع پر ان کی نئی فلم کاجل 60 کا پوسٹر جاری کیا گیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ کاجل اگروال نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے اپنے نئے فلمی پروجیکٹ کا پوسٹر جاری کر دیا۔ اداکارہ کی سالگرہ کے موقع پر ان کی نئی فلم کاجل 60 کا پوسٹر جاری کیا گیا ہے جس میں اداکارہ کو نفسیات کی ایک کتاب پڑھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ کاجل اگروال کا نیا فلمی پروجیکٹ فی میل سینٹرک ہے اور اس میں وہ مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں۔ اداکارہ کے اعلان کے بعد ان افواہوں نے دم توڑ دیا کہ کاجل اگروال شوبز انڈسٹری کو خیر باد کہنے والی ہیں۔

راکھی ساونت کی 'بریک اپ پارٹی' نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

بالآخر میری طلاق ہو رہی ہے اور یہ میری بریک اپ پارٹی ہے، بالی ووڈ اداکارہ

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی ماڈل و اداکارہ راکھی ساونت نے شوہر عادل درانی سے طلاق کی خوشی میں ڈھول کی تھاپ پر رقص کیا۔ بھارتی میڈیا پر راکھی ساونت کی ایک ویڈیو شیئر کی گئی ہے جس میں راکھی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ "بالآخر میری طلاق ہو رہی ہے اور یہ میری بریک اپ پارٹی ہے، لوگ اس موقع پر اداس ہوتے ہیں لیکن میں خوش ہوں گی"۔ راکھی نے عادل درانی سے علیحدگی کی خوشی میں میڈیا کے سامنے ڈھول کی تھاپ پر رقص کیا، انہوں نے کہا کہ مجھے اب زندگی میں کوئی نہیں چاہیے کیوں کہ اب میری زندگی میں کوئی بھی نہیں آسکتا۔ اس سے قبل ایک ویڈیو میں راکھی کا کہنا تھا کہ "بہت رولیا میں نے، مجھے انتظار ہے کہ میری زندگی میں بھی اب خوشیاں آئیں، میں ڈپریشن میں تھی جس کی وجہ سے دبئی بھاگ گئی تھی لیکن اب وہاں سے بہت سا مرہم لے کر آئی ہوں۔ "اس سے قبل ایک ویڈیو میں راکھی کا کہنا تھا کہ "بہت رولیا میں نے، مجھے انتظار ہے کہ میری زندگی میں بھی اب خوشیاں آئیں، میں ڈپریشن میں تھی جس کی وجہ سے دبئی بھاگ گئی تھی۔

SPORTS سپورٹس

پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری

بورڈ آف گورنرز کے لیے ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کی نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کی نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پی سی بی کے پیٹرن ان چیف وزیراعظم نے گزشتہ روز ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کو پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزد کیا تھا۔ پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کی نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پی سی بی کے پیٹرن ان چیف وزیراعظم نے گزشتہ روز ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کو پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزد کیا تھا۔ پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کی نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پی سی بی کے پیٹرن ان چیف وزیراعظم نے گزشتہ روز ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کو پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزد کیا تھا۔ پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لیے ذکا اشرف اور مصطفیٰ رمدے کی نامزدگیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

پاکستان کو مکمل ایشیا کپ کی میزبانی کرنی چاہیے، ذکا اشرف

ذکا اشرف نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہائبرڈ ماڈل ایک زیادتی ہے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے سابق چیئرمین ذکا اشرف نے کہا ہے کہ پاکستان کو مکمل ایشیا کپ کی میزبانی کرنی چاہیے۔ سابق وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹو کے یوم ولادت پر وزارت بین الصوبائی رابطہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ذکا اشرف نے کہا کہ میں نے ہائبرڈ ماڈل کو پہلے ہی مسترد کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایشین کرکٹ کونسل نے پاکستان کو ایشیا کپ کی میزبانی دی، پاکستان کو مکمل ایشیا کپ کی میزبانی کرنی چاہیے، اہم میچز باہر ہوں گے اور نیپال، بھوٹان کے میچز پاکستان میں ہوں گے۔ ذکا اشرف نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہائبرڈ ماڈل ایک زیادتی ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ میں بہتری لانے کی کوشش کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر کا منصوبہ تھا۔

ز پاکستانی کیوئسٹ احسن رمضان نے انڈر 21 ایشین سنوکر چیمپئن شپ اپنے نام کرلی

تہران (سپورٹس نیوز) احسن رمضان نے ایرانی حریف کو شکست دیکر انڈر 21 ایشین سنوکر چیمپئن شپ جیت لی۔ تہران میں ہونیوالے انڈر 21 ایشین سنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں احسن رمضان نے ایران کے کیوئسٹ کو شکست دی اور بیسٹ آف سیون فریم میں نے 4-1 سے کامیابی حاصل کی۔ اس سے قبل گزشتہ روز ہونیوالے ایشین سنوکر چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پاکستان کے احسن رمضان نے بھارتی حریف کو چار تین سے ہرایا تھا۔ احسن رمضان نے ایرانی حریف کو شکست دیکر انڈر 21 ایشین سنوکر چیمپئن شپ جیت لی۔ تہران میں ہونیوالے انڈر 21 ایشین سنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں احسن رمضان نے ایران کے کیوئسٹ کو شکست دی اور بیسٹ آف سیون فریم میں نے 4-1 سے کامیابی حاصل کی۔ اس سے قبل گزشتہ روز ہونیوالے ایشین سنوکر چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پاکستان کے احسن رمضان نے بھارتی حریف کو چار تین سے ہرایا تھا۔

ارشد ندیم انجری کے باعث ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ سے باہر

ارشد ندیم ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے فٹ نہیں ہیں، محمد اکرم ساہی

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے گولڈ میڈلسٹ ایتھلیٹ ارشد ندیم انجری کے باعث ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ کی ریس سے باہر ہوگئے۔ صدر اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان میجر جنرل (ر) محمد اکرم ساہی نے کہا کہ ارشد ندیم ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے فٹ نہیں ہیں، یہ ملک کے لیے ایک بڑا دھچکا ہے۔ اکرم ساہی نے کہا کہ نیشنل گیمز میں ارشد ندیم کو حصہ نہیں لینا چاہیے تھا، ہم نے کہا تھا کہ یہ واپڈا کی جانب سے حصہ نہ لے ہماری بات کو نہیں مانا گیا، ایک میڈل کی خاطر ارشد ندیم نے انجری کروالی۔

بھارتی کرکٹرز کو ایشیا کپ کے لیے پاکستان آنا چاہیے: احسان مزاری

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) بین الصوبائی رابطہ (آئی پی سی) کے وزیر احسان الرحمان مزاری نے ایک بار پھر بھارت کو ایشیا کپ کے تمام میچز پاکستان میں کھیلنے کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ہچکچاہٹ اور ہٹ دھرمی سے جنوبی ایشیا اور دنیا بھر میں کرکٹ کے فروغ کے خلاف ہوگا۔ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسان مزاری نے بھارت کو جلد از جلد کرکٹ تعلقات بحال کرنے کی پیشکش کی۔

ورلڈ کپ، پی سی بی کی وینیوز کی تبدیلی کی درخواست مسترد

پاکستان کا چنئی میں افغانستان جبکہ بنگلورو میں آسٹریلیا کے خلاف میچ شیڈول تھا

دبئی (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے ورلڈ کپ کے وینیوز تبدیل کرنے کی پاکستانی درخواست مسترد کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پاکستان کی طرف سے دی جانے والی درخواست انٹرنیشنل کرکٹ کونسل اور بی سی سی آئی دونوں نے مسترد کی، وینیوز کی تبدیلی مسترد کرنے کا فیصلہ بی سی سی آئی اور آئی سی سی حکام کے درمیان میٹنگ میں کیا گیا۔ پی سی بی نے چنئی اور بنگلورو کے میچز کے وینیوز کی تبدیلی کی درخواست کی تھی، پاکستان کا چنئی میں افغانستان جبکہ بنگلورو میں آسٹریلیا کے خلاف میچ شیڈول تھا۔ آئی سی سی اور بی سی سی آئی کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ اس موقع پر وینیوز کی تبدیلی کا کوئی جواز نہیں بنتا، شیڈول کے مطابق جن وینیوز کا فیصلہ ہوا ہے۔

ICC
PCB
Pakistan Cricket Board

وائٹیلٹی بلاسٹ ٹی 20 ٹورنامنٹ کے مزید 8 میچوں کا فیصلہ آج ہوگا

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام رواں برس جاری وائٹیلٹی ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج (جمعہ کو) مزید 8 میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ لنکا شائر اور ڈربی شائر کی ٹیموں کے درمیان ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا، دوسرے میچ میں ورسیسٹر شائر اور وارکشائر کی ٹیمیں ایجبسٹن، برمنگھم میں پنجہ آزمائی کریں گی، لیسٹر شائر اور نارتھمپٹن شائر کی ٹیمیں تیسرے میچ میں گریس روڈ، لیسٹر کے مقام پر نبرد آزما ہوں گی، چوتھا میچ کینٹ اور مڈل سیکس کی ٹیموں کے درمیان سینٹ لارنس گراؤنڈ، کینٹر بری میں کھیلا جائے گا، پانچویں میچ میں سمرسیٹ گلوسٹر شائر کی ٹیمیں کوپر ایسوسی ایٹس کاؤنٹی گراؤنڈ، ٹاؤنٹن کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی، چھٹا میچ گلیمورگن اور سسیکس کی ٹیموں کے درمیان صوفیہ گارڈنز، کارڈف میں کھیلا جائے گا، ساتویں میچ میں ڈرہم اور یارکشائر کی ٹیمیں ریور سائیڈ گراؤنڈ، چیسٹر لی سٹریٹ میں نبرد آزما ہوں گی۔

پاک سری لنکا ٹیسٹ سیریز سے متعلق عمر اکمل کی پیش گوئی

لاہور (سپورٹس نیوز) ٹیسٹ کرکٹر عمر اکمل نے پاک سری لنکا سیریز سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر اکمل نے کہا کہ پاکستان ٹیسٹ ٹیم سری لنکا میں سیریز جیت سکتی ہے۔ عمر اکمل نے کہا کہ سری لنکا میں ٹیسٹ اور ون ڈے کے لیے کنڈیشنز مشکل ہوتی ہیں، کیمپ میں قومی کرکٹرز نے دورہ سری لنکا کے لیے سخت محنت کی ہے، ابھی عید کے بعد پھر کیمپ لگنا ہے، تیاری کا مزید موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو کرکٹرز منتخب ہوئے ہیں وہ تسلسل کے ساتھ پرفارم کر رہے ہیں۔

ریفری سے بدتمیزی، فٹ بال کلب روما کے کوچ پر 4 میچوں کی پابندی

ایک یورپی میچ کے لیے اپنے شائقین کو ٹکٹ فروخت کرنے پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے

لندن (سپورٹس نیوز) یوروپا لیگ فائنل کے بعد انگلش ریفری انتھونی ٹیلر سے بدتمیزی کرنے پر فٹ بال کلب روما کے کوچ پر چار میچوں کی پابندی عائد کر دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یوروپا لیگ کے فائنل کے بعد انگلش ریفری انتھونی ٹیلر سے ٹکرانے پر یوئیفا نے روما کے کوچ جوز مورینہو پر چار میچوں کی پابندی عائد کر دی ہے۔ جوز مورینہو پر ریفری کے ساتھ توہین آمیز سلوک اور گالم گلوچ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ دونوں کلبوں کو میچ کے دوران اپنے مداحوں اور کھلاڑیوں کے طرز عمل پر بھی کئی الزامات کا سامنا کرنا پڑا۔ روما پر اگلے سیزن کے ایک یورپی میچ کے لیے اپنے شائقین کو ٹکٹ فروخت کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے اور ان پر اشیا پھینکنے اور اپنی ٹیم کے نامناسب طرز عمل کے الزامات کے بعد 55,000 یورو جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ جوز مورینہو پر ریفری کے ساتھ توہین آمیز سلوک اور گالم گلوچ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 23 اور 24 جون 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 23 جون 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، کلڈانہ، کوہالہ، بارین فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کوہالہ، مورت فیڈرز، مورخہ 24 جون 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، طفیل شہید، چراہ، فراش ٹاؤن، کرپہ فیڈرز راولپنڈی سٹی سرکل نوگزی، بجیال، پیپلز کالونی، عزیز آباد، پنڈ ہون، I-14/3، نون I-16، ایچ پی ٹی (ریڈیو پاک) لکھو روڈ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، کہوٹہ سٹی۔ II حنیف شہید، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، پڑیال، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، لیب۔I&II، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، جہلم سرکل، پورن، کوہار، سرائے عالمگیر، شمس آباد، چھپران، کیپٹن نثار شہید، ایکسپریس منگلہ، مدوکالس، شاہ سفیر فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت، چکرال، سرکال فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک۔I، کارچوک، محبوب شہید فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

مینجمنٹ کمپنی کیلئے نئے امور اور دائرہ کار کے حوالے سے معاہدے کی تجدید اور پنجاب میں یونیورسل ہیلتھ انشورنس پروگرام کے حوالے سے مختلف امور کی منظوری دی گئی۔ کابینہ کے اجلاس میں ڈائریکٹوریٹ جنرل آف لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن کے 605 پراجیکٹ ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی گئی۔ پنجاب میں 1500 سی سی سے 2000 سی سی تک گاڑیوں کی رجسٹریشن فیس میں ایک فیصد کمی کی منظوری دی گئی۔ پنجاب میں ان گاڑیوں کی رجسٹریشن فیس اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہونے والی گاڑیوں کے برابر کردی گئی۔ پنجاب کابینہ نے لارج سکیل مائننگ کے تحت چونا پتھر (لائم سٹون) اور ایگریلیشیش کلے کے رائلٹی ریٹس کے از سر نو تعین کی منظوری دی۔ کابینہ کے اجلاس میں محکمہ ٹرانسپورٹ میں سبسڈی میں کمی کیلئے نان۔فیئر ریونیو جنریشن ماڈل کی منظوری دی گئی جس کے تحت میٹروبس اور اورنج لائن ٹرین کے سٹیشنز پر کمرشل سرگرمیوں کی اجازت دی جاسکے گی۔

بقیہ 2

سے ملاقات کی اس دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا، ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے باہمی اشتراک مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ دونوں رہنماؤں میں ملاقات نئے عالمی مالیاتی معاہدے سے متعلق سربراہی اجلاس کے موقع پر ہوئی، جہاں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے پاکستانی حکومت اور عوام کیلئے خیر سگالی جذبات کا اظہار بھی کیا جب کہ سعودی عرب کے وزیراعظم اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف اور ایم ڈی آئی ایم ایف کی پیرس میں ملاقات ہوئی ہے، ملاقات میں آئی ایم ایف پروگرام اور تعاون پر تبادلہ خیال ہوا، وزیراعظم نے ایم ڈی آئی ایم ایف کو پاکستان کی معاشی صورتحال سے آگاہ کیا، وزیراعظم شہباز شریف نے 27 مئی کی ملاقات کا تذکرہ بھی کیا، وزیراعظم نے معاشی ترقی اور استحکام کیلئے اقدامات سے متعلق بھی آگاہ کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ملاقات میں وفاقی وزرا مریم اورنگزیب، شیری رحمان، ایاز صادق بھی شریک ہوئے، جہاں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آئی ایم ایف کی قسط سے پاکستان میں معاشی استحکام اور عوام کو ریلیف ملے گا، پاکستان آئی ایم ایف کیساتھ طے شدہ ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے

بقیہ 3

کے شعبے کو فروغ حاصل ہوگا۔ نیوکلیئر پاور پلانٹ جدید ٹیکنالوجی کی بنیاد ہوگا، یہ پاکستان میں جوہری بجلی کا سب سے بڑا پلانٹ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ نیوکلیئر پلانٹ سے سستی بجلی حاصل ہوگی، پاکستان میں نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے یہ پلانٹ کارآمد ہوگا، بجلی کی مزید پیداوار کیلئے کام کررہے ہیں۔ خرم دستگیر نے پی ٹی آئی قیادت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 4 سال میں غریب اور سی پیک دشمن حکومت موجود تھی، گزشتہ حکومت میں سی پیک پر کام نہیں ہوا۔ ترقی دشمن حکومت کے اثرات زائل کردیئے گئے ہیں، ایک سال میں چین کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئی ہے۔ قبل ازیں وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ روس سے آنے والے تیل کی بھارت میں ریفائننگ سے متعلق باتیں حقائق کے منافی ہیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ گوادر کو توانائی کا مرکز بناتا چاہتے ہیں، وسطی ایشیا توانائی کا کیپٹل ہے۔ ترکمانستان میں بہت زیادہ گیس ہے، ترکمانستان سے گیس پائپ لائن کے ذریعے پاکستان لانے کی تجویز دی ہے۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ پاکستان میں گوادر کے مقام پر دنیا کے مختلف ممالک کارخانے لگائیں، ہمارا پلان ہے چین اور یورپ گوادر میں کارخانے لگائیں تاکہ گیس مختلف ممالک کو بھیجی جاسکے۔ روس سے آنے والے تیل کی بھارت میں ریفائننگ سے متعلق باتیں درست نہیں۔ پاکستان کو روسی تیل خریدنے سے کوئی نقصان نہیں، ہم نے جو کمرشل ڈیل کی ہے اس میں ملک کو فائدہ ہے

بقیہ 4

مؤقف ہے الیکشن وقت پر ہونے چاہئیں، آئین میں کسی غیر معمولی صورتحال میں الیکشن تاخیر کے راستے رکھے گئے ہیں۔ اس وقت ملک میں کوئی ایسی صورتحال نہیں اس لیے الیکشن مقررہ وقت پر ہونے چاہئیں، نگران حکومت کسی ایک جماعت کی تو نہیں ہے اس سے کیا گلہ کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ سینیٹ سیلری بل پر حیرانی ہوئی، ایسے مراعات صدر اور وزیراعظم کو بھی حاصل نہیں۔ قبل ازیں قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی ہے، حکومت مہنگائی پر قابو پانے کے لئے پوری کوشش کر رہی ہے۔

بقیہ 5

استحکام اور بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم سمجھتے ہیں آئی ایم ایف پروگرام کے نویں جائزہ کیلئے تمام پیشگی اقدامات کرلیے ہیں، پاکستان آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ امید ہے پاکستان کیلئے مختلف فنڈز جاری کردیئے جائیں گے۔ آئی ایم ایف معاہدے کی تکمیل سے معاشی استحکام میں مدد ملے گی، آئی ایم ایف فنڈز سے پاکستان کو ریلیف بھی ملے گا۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نیو گلوبل فنانسنگ پیکٹ کے اجلاس میں شرکت کیلئے پیرس میں موجود ہیں۔ قبل ازیں وزیراعظم نے کہا کہ دورہ فرانس میں عالمی مالیاتی اداروں کی تنظیم نو کی ضرورت پر پاکستان کا مؤقف پیش کروں گا۔ شہباز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ عالمی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات طویل عرصے سے اہم مطالبہ رہا ہے، ماحولیاتی تبدیلی، قدرتی آفات، بڑھتے قرضے اور توانائی جیسے چیلنجز خطرے کی گھنٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کی عالمگیریت نے غور کرنے کیلئے تخلیقی نقطہ نظر کی ضرورت پر ضرور دیا ہے، فرانس میں نیو گلوبل فنانسنگ پیکٹ سمٹ پلیٹ فارم پر عالمی مالیاتی نظام کی اصلاحات کیلئے اصولوں اور اقدامات پر متفق ہونا چاہیے۔

بقیہ 6

نے بھجوایا ہے۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ یونان کشتی حادثے کے حقائق منظر عام پر لانے کے لیے عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائے، عدالتی کمیشن سپریم کورٹ کے 3 ججز پر مشتمل ہونا ضروری ہے۔ متن میں کہا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 19 اے کے تحت معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کشتی ڈوبنے کا حادثہ کیوں پیش آیا اور وجوہات کیا بنیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، ذمہ داروں کے تعین کے لیے کمیشن آف انکوائری ایکٹ کے تحت عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائے۔

بقیہ 7

اقدامات کی کامیاب تکمیل اور نفاذ پر اطمینان کا اظہار انہوں نے آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانے اور جمہوری عمل کو مضبوط بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجیز کو اپنانے کے حوالے سینیٹ کے عزم کو دہرایا چیئرمین سینیٹ نے اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے میں سینیٹ کی آئی ٹی ٹیم اور دیگر برانچز /افسران کی مشترکہ کوششوں کو بھی سراہا نیا قائم کردہ ڈیٹا سینٹر جدید ترین ڈیجیٹل انفراسٹرکچر سے لیس، ضروری معلومات کے انتظام اور اس کو ذخیرہ کرنے کیلئے ایک محفوظ اور مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے چیئرمین سینیٹ نے مزید موثر اور شفاف قانون سازی کے اپنے وژن میں اس جدید ترین سہولت کی اہمیت پر بھی زور دیا ڈیٹا مینجمنٹ کی بہتر صلاحیتوں کے ساتھ، ڈیٹا سینٹر سینیٹ کے اندرونی آپریشنز اور فیصلہ سازی کے عمل کو بھی تقویت بخشے گا ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن ٹیکنالوجی (ڈی جی آئی ٹی)، لیفٹیننٹ کرنل (ر) عاصم رضا نے جدید سینٹرز کے بارے میں چیئرمین سینیٹ کو ایک جامع بریفنگ پیش کی ڈی جی آئی ٹی نے ڈیٹا سنٹر کی جدید تکنیکی خصوصیات اور صلاحیتوں پر روشنی ڈالی اور ڈیٹا کے حجم کو ہینڈل کرنے، ڈیٹا کو محفوظ بنانے، اور اعلی درجے کی سائبر سیکیورٹی فراہم کرنے پر زور دیا

بقیہ 8

خواجہ محمد زکریا، نیلم احمد بشیر، خالد قیوم، عنبرین فاطمہ و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ مالی معاونت کے خواہشمند لکھاریوں، ادیبوں اور شعرا کی لسٹ مرتب کر کے انکی فوری مدد کی جائے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے کہا کہ پنجاب رائٹرز ویلفیئر فنڈ کے سالانہ بجٹ کو 20 لاکھ سے بڑھا کر 90 لاکھ کر دیا گیا ہے۔ سیکرٹری اطلاعات و ثقافت علی نواز ملک کی تجویز پر یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ ویلفیئر فنڈ کی تقسیم کے طریقہ کار کو شفاف بنانے کے لیے ایک ذیلی سب کمیٹی بھی بنائی جائے گی جو کہ لاہور آرٹس کونسل، پنجاب آرٹس کونسل اور مجلس ترقی ادب کے ذریعے مالی معاونت کے خواہشمندوں کی سکروٹنی کرے گی تاکہ حقدار لکھاریوں، ادیبوں اور شعرا میں رقم کی تقسیم ہوسکے

بقیہ 9

ضحیٰ قریب آتے ہی جانوروں کی قیمتوں میں گزشتہ سال سے کئی گناہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بے حد مہنگائی کے باعث شاید ہر سال کی طرح اس سال عیدالاضحیٰ پر سنت ابراہیمی ادا نہ کرسکیں۔ اس کے علاوہ چاول، آٹا، گھی، دالیں، سبزی، گوشت، مصالحہ جات سمیت دیگر اشیا کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب نان شبینہ کے محتاج ہوگئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس مہنگائی کے نام پر فائدہ اٹھاتے ہوئے دوکانداروں نے بھی خود ساختہ مہنگائی کر رکھی ہے مگر پرائس کنٹرول کمیٹی کا کہیں نام و نشان تک نہیں راولپنڈی ڈھوک سیداں گردونواح و دھمیال اشرف کالونی کی عوام نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی کو فعال کرکے خود ساختہ مہنگائی کرنے والوں کیخلاف کاروائی کا آغاز کریں

بقیہ 10

نے سنٹرل ریسکیو اسٹیشن راول روڈ پر منعقدہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا ڈسٹرکٹ آفیسر نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کیے گئے تمام انتظامات کا جائزہ لیا اور انہیں حتمی شکل دی۔ میٹنگ میں راولپنڈی کے تمام ریسکیو اسٹیشن افسران نے شرکت کی۔ ترجمان ریسکیو 1122 عثمان گجر کے مطابق مویشی منڈیوں، مساجد اور عید گاہوں پر ایمرجنسی سروس کی پوسٹیں قائم کی جائیں گی جہاں تربیت یافتہ میڈیکل سٹاف موجود رہے گا۔ عیدالاضحیٰ پر ریسکیو اہلکاروں کی اسپیشل ڈیوٹی کنٹرول روم، ایمرجنسی، ریسکیو اسٹیشنز، ایمبولینسز، فائر ٹینڈرز، ریسکیو اینڈ ریکوری وہیکل، اسپیشل، وہیکل، واٹر باوزر اور موٹر بائیک ایمبولینسز پر شفٹوں میں لگادی گئی ہے جبکہ ضلع راولپنڈی اور ملحقہ تمام تحصیلوں کی مویشی منڈیوں میں ریسکیو پوائنٹ بنا دیئے گئے۔ نماز عیدالاضحیٰ کے دوران عید گاہ شریف، چلڈرن پارک گوالمنڈی، لیاقت باغ گراؤنڈ، جامع مسجد فیضان مدینہ اڈیالہ روڈ، کیپٹن بلال شہید چوک چکلالہ سکیم 3، 22 نمبر چونگی، راول پارک کری روڈ، مرکزی جامع مسجد تحصیل گوجر خان، مرکزی جامع غوثیہ معصومیہ مسجد تحصیل کلر سیداں، مرکزی عیدگاہ تحصیل کہوٹہ اور مسجد تحریک محنت تحصیل ٹیکسلا پر ریسکیو پوسٹیں قائم کی جائے گی۔

بقیہ 11

و دیگر علاقوں میں سٹریٹ لائٹ خراب رہنا معمول بن چکا ہے۔ ڈھوک سیداں گردونواح میں سٹریٹ لائٹ خراب ہیں اور اکثر لگائی ہی نہیں گئی جس کی وجہ سے عوام کیساتھ کئی حادثات پیش آتے ہیں سورج غروب ہونے کیساتھ رات کی تاریکی چھا جاتی ہے اور روڈ بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے عوام حادثات کا شکار ہو رہے ہیں شہریوں کی اعلی حکام سے درخواست ہے کہ لائٹ کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ ہمارے جان و مال محفوظ رہ سکیں

بقیہ 12

ہفتے میں کابینہ مستقل تعیناتی کا فیصلہ کردے گی۔ عدالت نے استفسار کیا سیکرٹری کو بھی بلایا تھا، وہ کیوں نہیں آئے؟ وفاقی وزیر نے بتایا سیکرٹری صاحب بیمار ہیں، میں خود بیمار ہوں میرا ٹرانسپلانٹ ہوا ہے مگر عدالت کے سامنے ہوں۔ جسٹس بابر ستار نے کہا آپ پارلیمنٹیرین ہیں، آپ کو بلانا ہمیں بھی اچھا نہیں لگتا۔ ڈاکٹر شہزاد افضل نے اپنے جونیئر افسر کی بطور قائم مقام ڈی جی تعیناتی کو چیلنج کر رکھا ہے

بقیہ 13

، باتھ روم خراب اور ٹوٹیاں غائب تھیں، وارڈز میں صفائی کے ناقص انتظامات تھے۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے اس بد انتظامی پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور ایم ایس اور ہسپتال انتظامیہ کی سرزنش کی۔ مریضوں نے میو ہسپتال میں ادویات نہ ملنے کی شکایات کیں۔ وارڈ کی راہداری سے گزرتے ہوئے ایک ماں اپنے مریض بیٹے کو اٹینڈ نہ کرنے پر رو پڑی۔ نگران وزیر اعلی محسن نقوی دکھیاری ماں کے ساتھ خود آئی سی یو پہنچ گئے۔ متعلقہ وارڈ کے انچارج ڈاکٹروں سے باز پرس کی اور ایم ایس کو وہاب نعیم کے علاج کے لئے ہدایات دیں۔ مریضوں اور تیمارداروں نے نگران وزیراعلی محسن نقوی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے مسائل سنے اور موقع پر ہی ان کے حل کے لئے ہدایات دیں۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے چلڈرن ایمرجنسی میں ٹوکن لے کر پورے پراسس کا جائزہ لیا۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے فوری طور پر ویٹنگ روم اور کیفے ٹیریا کو بہتر بنانے کا حکم دیا اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے طلبہ کو ہاسٹل میں ادائیگی کے ساتھ ایئر کنڈیشنر لگوانے کی اجازت کا فیصلہ کیا۔ محسن نقوی نے ڈاکسز یونٹ، ایمرجنسی وارڈ، میڈیکل، او پی ڈی، سرجیکل آؤٹ ڈور، ایسٹ میڈیکل وارڈ، بلقیس سرور آئی سی یو کا معائنہ کیا۔

بقیہ 14

سٹاف (ڈی ایم اے، لائیو سٹاک، سی ڈی اے انفورسمنٹ، سی ڈی اے ایم پی اور مجسٹریٹ اور پولیس) کو زیادہ سے زیادہ عوامی سہولیات اور ضروری حفاظتی اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی

بقیہ 15

گردی عدالت نے عسکری ٹاور حملہ کیس میں ملوث ملزموں کی ضمانتوں پر محفوظ فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے خدیجہ شاہ اور اعجاز چوہدری سمیت دیگر ملزموں کی درخواست ضمانت خارج کر دی، جج اعجاز احمد نے محفوظ فیصلہ سنایا، عدالت نے اعجاز چوہدری کی درخواست ضمانت واپس لینے کی بنیاد پر خارج کی۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے عسکری ٹاور حملہ کیس میں گرفتار پی ٹی آئی کی سپورٹر خدیجہ شاہ کی درخواست ضمانت پر وکلا کو دلائل کے لیے طلب کیا تھا۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ خدیجہ شاہ کا عسکری ٹاور حملہ کیس سے کوئی تعلق نہیں، استدعا ہے کہ ضمانت منظور کر کے رہائی کا حکم دیا جائے۔ یاد رہے کہ انسداد دہشتگردی عدالت نے 19 جون کو پولیس کی جانب سے خدیجہ شاہ کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا تھا۔ قبل ازیں جلاؤ گھیراؤ کرنے کے الزام میں گرفتار خدیجہ شاہ اور کرپشن کے الزامات کے تحت گرفتار سابق سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خان بھٹی نے آئی جی جیل خانہ جات کو جیل میں بی کلاس کیلئے درخواست دی تھی۔ جیل حکام نے بتایا کہ بی کلاس کے لئے موصول ہونے والی دونوں درخواستیں میرٹ پر ہوئیں تو محکمہ داخلہ کو بھجوائی جائیں گی، محکمہ داخلہ کی منظوری کے بعد سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ جیل حکام نے کہا کہ بی کلاس میں چارپائی، کرسی میز، گھر کا کھانا اور مشقتی فراہم کیا جاتا ہے۔ جبکہ تحریک انصاف کے رہنما اعجاز چوہدری کی درخواست دہشتگردی کے مقدمہ میں ملوث ہونے کی وجہ سے مسترد کردی گئی تھی

بقیہ 16

اربوں روپے چھپائے ہیں، سابق وزیراعلیٰ نے مبینہ منی لانڈرنگ سے پاناما میں کمپنیاں خریدیں۔ لاہور کی انسداد بینکنگ جرائم عدالت نے منی لانڈرنگ کیس میں سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی کی اہلیہ تحریم الٰہی سمیت چار ملزمان کی ضمانت کی توثیق کردی ہے۔ عدالت نے 10،10 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔ ملزمان میں راسخ الٰہی، زارا الٰہی، تحریم الٰہی اور طفیل عباس شامل ہیں۔ چاروں ملزمان نے عدالت کے روبرو پیش ہوکر حاضری مکمل کرائی تھی۔

بقیہ 17

اقدامات کی کامیاب تکمیل اور نفاذ پر اطمینان کا اظہار انہوں نے آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانے اور جمہوری عمل کو مضبوط بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجیز کو اپنانے کے حوالے سینیٹ کے عزم کو دہرایا چیئرمین سینیٹ نے اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے میں سینیٹ کی آئی ٹی ٹیم اور دیگر برانچز /افسران کی مشترکہ کوششوں کو بھی سراہا نیا قائم کردہ ڈیٹا سینٹر جدید ترین ڈیجیٹل انفراسٹرکچر سے لیس، ضروری معلومات کے انتظام اور اس کو ذخیرہ کرنے کیلئے ایک محفوظ اور مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے چیئرمین سینیٹ نے مزید موثر اور شفاف قانون سازی کے اپنے وژن میں اس جدید ترین سہولت کی اہمیت پر بھی زور دیا ڈیٹا مینجمنٹ کی بہتر صلاحیتوں کے ساتھ، ڈیٹا سینٹر سینیٹ کے اندرونی آپریشنز اور فیصلہ سازی کے عمل کو بھی تقویت بخشے گا ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن ٹیکنالوجی (ڈی جی آئی ٹی)، لیفٹیننٹ کرنل (ر) عاصم رضا نے جدید سینٹرز کے بارے میں چیئرمین سینیٹ کو ایک جامع بریفنگ پیش کی ڈی جی آئی ٹی نے ڈیٹا سنٹر کی جدید تکنیکی خصوصیات اور صلاحیتوں پر روشنی ڈالی اور ڈیٹا کے حجم کو ہینڈل کرنے، ڈیٹا کو محفوظ بنانے، اور اعلی درجے کی سائبر سیکیورٹی فراہم کرنے پر زور دیا سینیٹ کی جانب سے متعارف کرایا گیا

بقیہ 18

گی، کل ہم اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے کیس سماعت کے لئے مقرر کیا، انصاف لائرز فورم (آئی ایل ایف) کے وکلا کا بھی شکریہ جنہوں نے اتنے کم وقت میں درخواست دائر کی اور ہماری میزبانی کی، پختون رواج کے مطابق انہوں نے ثابت کیا کہ وہ تعلق نبھانا جانتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ وقت ثابت کرے گا کہ کون کہاں کھڑا ہے، پی ٹی آئی ایک حقیقت ہے ایک نظریہ ہے، جسے پختونخوا نے سب سے پہلے قبول کیا اب پورے پاکستان نے قبول کرلیا ہے۔ شاہ محمود قریشی نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی قومی پارٹی ہے جس کا مستقبل روشن ہے، اب بھی انصاف کے جھنڈا میرے ہاتھ میں ہے، 2011 میں اس جھنڈے کو میں نے تھاما ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پرویز خٹک ہمارے ساتھ رہے ہیں، پارٹی نے ان کو جو سوال بھیجے ہیں ان کا جواب آئے گا تو پھر بات کریں گے

بقیہ 19

، پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود ڈاکوؤں کے گروہ کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیل کے مطابق آڑھتی محمد خلیل نے بتایا کہ وہ ڈرائیور کے ہمراہ ٹرک پر ایک کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کے چاول اور مرچیں لوڈ کر کے غلہ منڈی آرہا تھا کہ جب 204 گ ب کے قریب پہنچا تو ڈاکوؤں کی 5 رکنی گروہ نے روک لیا اور گن پوائنٹ پر آڑھتی اور ڈرائیور کو یرغمال بنا کر اپنی گاڑی میں بیٹھا کر لے گئے اور ساتھی مذکورہ ٹرک کو لے کر فرار ہوگئے۔ ڈاکو کافی دیر تک گھماتے رہے اور پھر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے ویرانے میں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ بعدازاں پولیس کو اطلاع کی تو پولیس نے ناکہ بندیاں کرتے ہوئے ڈاکوؤں کے گروہ کا سراغ نہ لگا سکی۔

بقیہ 20

نے ہولی کا تہوار منایا، نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کا مخلوط اجتماع ہوا، اس میں تمام حدود کو پامال کردیا گیا، ہولی اور دیوالی ہندوؤں کا مذہبی تہوار ہے، یہ ہندومت کا شعار ہے اور مسلمانوں کو باطل مذاہب کے مذہبی شعار کو اختیار کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ایک روز قبل ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پاکستانی یونیورسٹیوں میں ہولی منانے پر پابندی عائد کرکے نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، یہ اقدام رواں ماہ کے اوائل میں اسلام آباد کی قائداعظم یونیورسٹی (کیوائے یو) میں ہولی منانے کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد سامنے آیا۔ ایچ ای سی نے کہا تھا کہ اس طرح کی سرگرمیاں ملک کی سماجی و ثقافتی اقدار سے مکمل طور پر لاتعلقی کو ظاہر کرتی ہیں اور اسلامی تشخص کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

بقیہ 21

کی تصدیق کی۔ انہوں نے کہا کہ اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ کی بنیادی رکنیت معطل کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے بھی رکن ہیں۔ دونوں سینئر وکلا کی پارٹی کی سی ای سی کی رکنیت منسوخی کیلئے پارٹی کو سفارش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ کی پارٹی سے برطرفی کا فیصلہ سی ای سی کے اجلاس میں متوقع ہے۔ قبل ازیں پیپلز پارٹی نے لطیف کھوسہ کی پارٹی رکنیت ختم کر دی۔ صدر پیپلز پارٹی پنجاب نے اپنے بیان میں کہا کہ لطیف کھوسہ کو بار بار یاد کرایا کہ وہ پارٹی لائن اور طے کردہ حدود کو پار نہ کریں گے انہوں نے ہدایت پر عمل نہیں کیا۔ پنجاب کے صدر نے یہ بھی کہا کہ لطیف کھوسہ بطور وکیل پیپلز پارٹی میں آئے مراعات بھی لیتے رہے جبکہ وہ اپنے بیٹے کو اٹارنی جنرل بھی لگانا چاہتے تھے، عہدہ نہ ملنے کی صورت میں پارٹی قیادت کے خلاف بلیک میلنگ شروع کی۔ پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر نے پارٹی رکنیت ختم کرنے کا حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ لطیف کھوسہ نے پارٹی کی ریڈ لائن کراس کی جس پر اُن کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ رانا فاروق سعید نے کہا کہ کھوسہ صاحب بطور وکیل پیپلز پارٹی میں آئے اور بی بی شہید اور آصف زرداری کے کیس فیس لیکر لڑتے رہے اور حکومت آنے پر سینیٹر، اٹارنی جنرل اور گورنر پنجاب اور وزیراعظم کے مشیر بھی رہے، اتنی نوازشات کے بعد انہیں یہ رویہ اختیار نہیں کرنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی پارٹی کو بلیک میل کر کے اپنی مرضی نہیں چلا سکتا۔ باپ بیٹے نے پوری پی ایل ایف ہائی جیک کر رکھی تھی۔ قائمقام صدر کا کہنا تھا کہ کسی کا خون اچھا ہوتا تو وہ اپنے احسان مندوں کو نہیں بھولتا، اپنے آپ کو سردار کہلوانے والوں کو جانتا ہوں کیسے سردار بنے ہیں، جو گروپ ہم نے 1977 میں بنایا تھا جس میں نامور لوگ شامل رہے، انہیں حامد خان گروپ سپورٹ کررہا تھا۔

بقیہ 22

جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سابق گورنر پنجاب کی اہلیہ رابعہ سلطان کی درخواست پر سوموار کو سماعت کی جس میں درخواست گزار نے اپنے شوہر عمر سرفراز چیمہ کو جیل میں سہولیات فراہم نہ کرنے کے اقدام کو چیلنج کیا تھا۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب غلام سرور نہنگ نے درخواست پر اعتراض کیا اور بتایا کہ عمر سرفراز چیمہ کی جیل میں سہولیات کی فراہمی کی درخواست ایڈیشنل سیکرٹری ہوم کے پاس زیر التوا ہے۔ اس لیے ایڈیشنل ہوم سیکرٹری کو زیر التوا درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا جائے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عمر سرفراز چیمہ سابق گورنر ہیں اور انہیں جیل میں بی کلاس دی جائے۔ 25 مئی کو انسداد دہشت گردی عدالت کی جج عبہر گل خان نے عسکری ٹاور پر حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کیس میں سابق گورنر عمر سرفراز چیمہ کے جوڈیشل ریمانڈ میں 14 روز کی توسیع کی تھی۔ پارٹی چھوڑنے کے سوال پر جواب دیتے ہوئے سابق گورنر عمر سرفراز چیمہ نے کہا نظریاتی ورکر ہوں، پارٹی نہیں چھوڑ رہا۔ ضمانت دائر نہ کرنے کے سوال پر عمر سرفراز چیمہ نے کہا میں کچھ نہیں لیا، یہ سیاسی کیس ہیں کیوں ضمانتیں دائر کروں۔

بقیہ 23

کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ گرمی کی شدت کے باعث تیز بخار، گیسٹرو اور ڈائریا سمیت کئی بیماریوں کا خدشہ ہوسکتا ہے۔

بقیہ 24

میں کمی آئی ہے، پاکستان میں بہت سے صنعت کار سولر اور بیٹریوں کی انڈسٹری لگانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سولر انڈسٹری لگنے سے سولر سسٹم بہت سستا ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے بجلی پیداوار میں 5 ہزار میگاواٹ کا اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی مزید پیداوار کے لئے کام کر رہے ہیں، نیوکلیئر پلانٹ سے سستی بجلی حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لائن لاسز اور بلوں کو کم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں نے سیلاب میں بھرپور کردار ادا کیا تھا انہوں نے کہا کہ سمندری طوفان کے باعث کچھ مشکلات آئی تھیں جواب ختم ہوگئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 4 سال سے سی پیک پر کام نہیں ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک چینی کمپنی پاکستان میں ساڑھے 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔

بقیہ 25

افسران سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی نے انہیں کورس کی کامیاب تکمیل اور اپنے کیریئر میں اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بدلتا ہوا جغرافیائی سیاسی منظر نامہ، قومی سلامتی کی پیچیدہ صورتحال اور مسلسل تغیر پزیر عسکری ماحول، حصول علم کے تقاضوں میں تکنیکی ترقی سے باخبر رہنے اور قومی دفاعی آلات کے دانشمندانہ استعمال کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے عسکری عناصر کے باہمی تعاون کی اہمیت پر مزید زور دیتے ہوئے کہا کہ روایتی اور غیر روایتی جنگی صورتحال میں کوئی بھی عسکری فوج تنہا کامیابی حاصل نہیں کرسکتی

بقیہ 26

۔غلام سرور خان نے کہا ہے کہ مجھے اور میرے خاندان کو سیاست میں تقریباً 50 سال ہوچکے ہیں۔ جہاں تک 9 مئی کے واقعہ کا تعلق ہے، بحیثیت پاکستانی جو افواج پاکستان کی قربانیاں ہیں پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لیے، افواج پاکستان، شہدا کی اُن یادگاروں پر حملہ کرنا، جی ایچ کیو پر حملہ کرنا، کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کرنا، میانوالی بیس پر حملہ کرنا، وہ حملہ آور ملک دشمنی کے مرتکب ہوئے ہیں

بقیہ 27

کیا کہ اطلاع ہے کہ بعض افراد، متوقع الیکشن امیدوار اور سیاسی جماعتوں کے ممبران، ضلعی، ڈویژنل انتظامیہ اور محکموں کے کام میں مداخلت کر رہے ہیں۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتظامی معاملات میں سیاسی جماعتوں کے ممبران اور متوقع امیدواروں کی مداخلت کے معاملے پر سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے نگراں وزراء اعلی کو خط لکھ دیا۔ خط میں لکھا گیا ہے اطلاع ہے کہ بعض افراد، متوقع الیکشن امیدوار اور سیاسی جماعتوں کے ممبران، ضلعی ڈویژنل انتظامیہ اور محکموں کے کام میں مداخلت کر رہے ہیں، الیکشن کمیشن توقع کرتا ہے کہ نگراں حکومت قانونی مینڈیٹ کے مطابق اپنا کام کرے۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن نے ہدایت کی کہ نگراں حکومت اپنے ماتحت دفاتر پر نظر رکھے، شفاف اور پرامن انتخابات انعقاد میں کردار ادا کرے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ نگراں حکومت کو غیر جانبدار ہونا چاہیے، نگراں حکومت آئین اور قانون کے مطابق الیکشن کمیشن کی معاونت کرتی ہے۔

بقیہ 28

لگی جانب سے مولانا عبدالعزیز کی گاڑی کو روکنے پر ان کے سیکیورٹی گارڈز نے پولیس پر سیدھی فائرنگ کی تھی، اہلکاروں نے بھاگ کر بمشکل اپنی جان بچائی تھی۔ اسلام آباد کے علاقے تھانہ آبپارہ میں ڈبل کیبن گاڑی سے پولیس ٹیم پر کی جانے والی اس فائرنگ کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔ پولیس کے مطابق گاڑی میں سوار 3 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے، ڈبل کیبن گاڑی میں لال مسجد کے سابق خطیب مولانا عبدالعزیز بھی سوار تھے۔ اسلام آباد پولیس نے مولانا عبدالعزیز کے خلاف مقدمہ اپنی مدعیت میں انسداد دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا۔ مقدمے میں مولانا عبدالعزیز اور ان کے گارڈز کو نامزد کیا گیا ہے

بقیہ 29

کہا کہ نواز شریف نے پاکستان کو سی پیک دیا جو گیم چینجر تھا، مگر اسے لانے والے کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ انہوں نے کہا کہ نواز شریف انتخابی مہم نہیں، انتخابی تحریک کے لئے آرہے ہیں وہ آکر خوشحالی لائیں گے، اس بار سندھ میں بھی مسلم لیگ (ن) کامیاب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کی عزت صرف ووٹ ڈالنا نہیں، نتائج تسلیم کرنا ووٹ کی اصل عزت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث افراد سے رعایت نہیں برتی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ شرپسندوں نے ریاستی اداروں کو نشانہ بنایا، ریاستی اداروں پر حملہ براہ راست ریاست پر حملہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران کی منصوبہ سازی ناکام ہوچکی ہے، انہوں نے اداروں سے متعلق نوجوانوں کی غلط ذہن سازی کی، سازش کے تحت سی پیک پر کام روکا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 2013 میں بیروزگاری اور عدم استحکام تھا، نواز شریف نے بجلی کے کارخانے لگا کر روشنیاں بحال کیں، نواز شریف نے کراچی کا امن بحال، روزگار کے مواقع پیدا کئے

بقیہ 30

دورانیہ طویل ہوگیا شدید گرمی کے باعث واپڈا کی مہربانیوں کے باعث شہریوں کا براحال ایک طرف واپڈا والوں نے شہریوں کا جینا محال کیا ہے اور دوسری جانب محکمہ واٹر سپلائی نے اپنی اجارہ داری قائم کی ہوئی ہے واٹر سپلائی انجینئر کی غلط پالیسیوں کے سبب شہر میں پانی کا شدید بحران شہریوں کے مطابق ہفتہ ہفتہ پانی ملتا نہیں اگر غلطی سے پانی ابھی جائے تو وہ بھی نالوں کا گندہ پانی آتا ہے ٹیوب ویلوں کے لیے ملنے والا پیسہ ملنے کے باوجود نہ تو نئے ٹیوب ویل لگے اور نہ ہی پرانے ٹیوب ویل فعال ہو سکے جبکہ دوسری جانب دیکھا جائے تو گوجر خان انتظامیہ پانی کی فراہمی یقینی نہیں بنا پا رہی مگر شہریوں کے جیبوں پر بھاری بھرکم ٹیکس اور پانی کے ریٹس میں ہوشربا اضافہ کرنے کے منصوبے بنانے میں مصروف ہے شہریوں نے مزید یہ بھی کہا کہ اگر محکمہ واپڈا کی کرپشن کی اگر بات کی جائے تو ہوشربا قسم کے ٹیکس لگانے اور بھاری بھرکم بل بھیجنے کے باوجود محکمہ واپڈا بجلی کی فراہمی یقینی نہیں بنا پارہا جبکہ حکمران طبقے اپنی عیاشیوں کے لیے تو رنگا رنگ قانون، بل پاس کر لیتے ہیں مگر عوام کے لیے کچھ بھی نہیں کر پا رہے بس ایک دوسرے پر الزام تراشیوں کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتے عرصہ دراز سے اقتدار میں رہنے والے حکمران بھی ملک میں بجلی کا نظام ٹھیک نہیں کر پائے ہر کوئی ملک کو لوٹنے میں لگا عوام کو سہولیات دینے کے بجائے یہ اپنی سہولیات اور عیاشیوں میں لگے ہیں

بقیہ 31

گا پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات فروش کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رہے گی ایسے لوگوں کا ٹھکانہ صرف جیل ہے

بقیہ 32

میرا اعتراض ہے۔ جس پر جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ اضافی فنڈز کی وضاحت ہے یا نہیں یہ فیصلہ فنڈز دینے والے کریں گے۔ عدالت عظمی نے حکومت کو ون مین کمیشن کی 19 ملین اضافی گرانٹ درخواست پر جلد فیصلہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔

بقیہ 33

نے قرار دیا کہ آئین اور قانون کے تحت فیصلہ کرنے کا حلف اٹھایا ہے، پہلے پریکٹس اینڈ پروسیجرا یکٹ کا فیصلہ کیا جائے، اس بل کو ٹھکانے لگانے تک میں کسی بینچ میں نہیں بیٹھ سکتا۔ میں اور جسٹس سردار طارق مسعود اس کشمکش میں تھے کہ کیس سننے سے معذرت کریں یا نہیں۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے ریمارکس دیئے کہ میں جسٹس قاضی فائز عیسی کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں۔ اس وقت ہم 9 ججز ہیں ہم فیصلہ کر دیتے ہیں تو کل اپیل پر فیصلہ کون کرے گا؟۔ جب تک ان قوانین پر فیصلہ نہیں ہوتا، تب تک ہم بینچ میں نہیں بیٹھ سکتے۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ آپ کیس نہیں سنیں گے تو 25 کروڑ عوام کہاں جائیں گے؟۔ جسٹس طارق مسعود نے قرار دیا کہ 25 کروڑ عوام کا خیال پہلے کیوں نہیں آیا؟

بقیہ 34

بھی طلب کیا گیا لیکن وہ پیش نہیں ہوئے تھے، چیئرمین پی ٹی آئی آج 11 بجے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہوں۔ دوسری جانب چیئرمین پی ٹی آئی کو لیہ اراضی سکینڈل میں اینٹی کرپشن نے آج طلب کر رکھا ہے۔ ترجمان اینٹی کرپشن کے مطابق عمران خان کو پیش ہونے کے لئے آخری موقع دیا گیا۔ ایڈووکیٹ علی اعجاز نے بھی زمان پارک میں اینٹی کرپشن کا طلبی کا نوٹس وصول کیا۔ ترجمان نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے اراضی سکینڈل میں ملوث ہونے کے واضح شواہد موجود ہیں۔ اراضی کے لیے ریونیو افسران پر بنی گالا سے دباؤ ڈالا گیا۔ عمران خان، ان کی بہن اور بہنوئی آج اینٹی کرپشن پیش نہیں ہوتے تو ان کے خلاف ایف آئی آر درج ہو سکتی ہے۔ محکمہ اینٹی کرپشن نے لیہ اراضی کرپشن سکینڈل میں سابق وزیراعظم کو 16 اور 19 جون کو بھی طلب کیا گیا تھا، عمران خان کی بہن اور بہنوئی کو بھی اینٹی کرپشن ڈی جی خان میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی۔ اینٹی کرپشن حکام نے کہا کہ طلبی کا نوٹس زمان پارک کی راہداری پر چسپاں کر دیا گیا، سابق وزیراعظم کی بہن عظمی خان اور ان کے شوہر پر لیہ میں 5162 کنال زمین زبردستی ہتھیانے کا مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 35

گیس کمپریسر کا استعمال غیر قانونی ہے جسے روکنے کے لیے چھاپے مارنے والی ٹیموں کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے۔ خیال رہے کہ پنجاب سمیت ملک بھر میں بجلی اور گیس کا بحران شدت اختیار کر گیا تھا۔ شہری اور دیہی علاقوں میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کی وجہ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ بتایا گیا کہ ملک بھر میں گیس کا بحران شدت اختیار کر گیا، پریشر میں کمی کی وجہ سے گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہو گئے، شہریوں کو گھروں میں کھانا پکانا بھی ناممکن ہوگیا۔ ملک بھر میں گیس کا بحران شدید تر ہو گیا ہے۔ متعدد علاقے طویل گیس کی لوڈشیڈنگ کی زد میں ہیں۔ ذرائع کے مطابق آر ایل این جی کارگو نہ آنے سے سسٹم میں گیس کی کمی ہوگئی جس سے لاہور سمیت پنجاب بھر میں گیس کا پریشر کم ہوگیا تھا۔ لاہور کے اکثر علاقوں میں صارفین گیس سے محروم ہیں اور پاور سیکٹر کو بھی گیس کی فراہمی کم کر دی گئی۔ سسٹم میں گیس کی 500 ملین کیوبک فٹ سے زائد کمی کا سامنا ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور جڑواں شہر راولپنڈی میں بھی صورتحال انتہائی خراب ہے۔ لاہور کے متعدد علاقوں میں گیس کے کم پریشر نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے

بقیہ 36

پل سمندری روڈ پر 20 کروڑ روپے کی لاگت سے ہائی پریشر سوئی گیس پائپ لائن بچھانے کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے کیا' تقریب خواجہ محمد رضوان اور میاں طاہر جمیل سابق ایم پی اے کے صاحبزادے میاں آفاق طاہر ایڈووکیٹ، سی سی چیئرمینز میاں ذوالقرنین حیدری' چوہدری منظور جٹ' چوہدری ذوالفقار گجر' میاں رشید' کونسلر ڈی نیئر ملک شہزاد' نیک محمد منج' چوہدری بلال رحمانی' رانا منور منج' رانا اویس' حاجی افضل' عبدالحمید بھولا' افضل مغل کے علاوہ اہلیان علاقہ اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی کثیر تعداد موجود تھی' چوہدری عابد شیر علی نے کہا کہ ہائی پریشر سوئی گیس پائپ لائن سے نولئی پل سمندری روڈ' ڈی ٹائپ' علامہ اقبال کالونی' فاروق آباد' محلہ کوریاں' ملکھانوالہ اور اس کے ملحقہ علاقہ جات کے سوئی گیس کے مسائل حل ہوجائیں گے اور گھروں میں بیٹھی ہماری مائیں بہنیں ہمیں دعائیں دیں گی

بقیہ 37

ابارشن کا قانون موجود ہے۔ صوبائی وزیر صحت کے مطابق خاندانی منصوبہ بندی ضروری ہے جس کے لئے آگاہی دینا ہوگی، امیونائزیشن، نیوٹریشن، ہیلتھ ہائجین کا ڈسٹرکٹ پروگرام شروع کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 15 سو پر ایک ڈاکٹر درکار ہے جبکہ ہمارے ملک میں صرف 8 ہزار ڈاکٹرز ہیں، ڈاکٹرز کی شدید کمی ہے۔

بقیہ 38

کی تاہم مہنگائی کی وجہ سے خریداروں نے معیار بدل لیے تفصیلات کے مطابق ناردرن بائی پاس پر قائم مویشی منڈی کیخ بصورت اور مختلف رنگ و نسل کے مویشیوں اور برقی قمقموں سے جگمگ کرنے والی مویشی منڈی نے کراچی والوں کے دلوں پر راج کرلیا ہے، 7 سو ایکڑ رقبے پر لگنے والی مویشی منڈی میں ساڑھے پانچ لاکھ جانور لائے جاچکے ہیں جس میں سے ڈھائی لاکھ جانور فروخت ہوچکے ہیں، منڈی میں 13 بلاکس ہیں جس میں سے 2 وی آئی پی بلاکس ہیں۔ جہاں اعلیٰ نسل کے مہنگے جانور موجود ہیں جبکہ بکرے، بیل گائے، اونٹ، دنبے کے الگ الگ بلاکس ہیں، ہر خیمہ منفرد رنگوں سے سجایا گیا ہے، جس میں نارنجی، سبز، لال، گلابی، سفید اور نیلا رنگ شامل ہیں

بقیہ 39

کا ڈیٹا محفوظ ہوگا۔ اس طرح موضع حدود سے متعلقہ تمام معلومات کو دیگر محکموں کے لیے قابل استعمال اور قابل رسائی بنانا یقینی ہوگیا جس سے ریونیو کے شعبہ میں کرپشن وست روی کا خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو موضع ڈیش بورڈ حکومت کی پبلک سیکٹر کی ڈیجیٹائزیشن پالیسی کا اہم حصہ ہے جس سے محفوظ اور مستند ڈیٹا کے قیام میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس ڈیش بورڈ سے شہری بھی استفادہ کرسکیں گے۔ یہ ڈیش بورڈ موضع کی حدود کا تعین کرے گا۔ ریونیو موضع ڈیش بورڈ معاشی اور معاشرتی ترقی کے اثرات کو بھی ظاہر کرے گا۔

بقیہ 40

کے علاقے لپنی کے غیر آباد مقام پر چھپائی گئی 35 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ برآمد شدہ منشیات بیرون ملک سمگل کرنے کی غرض سے ذخیرہ کی گئی تھی۔ خیبر کے علاقے زخہ خیل کے غیر آباد مقام پر سمگلنگ کی غرض سے چھپائی گئی 3 کلو 500 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 41

میں 167 گینگز کے 379 ممبران، کینٹ میں 141 گینگز کے 332، سول لائنز میں 44 گینگز کے 101، صدر ڈویژن میں 110 گینگز کے 276، اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 100 گینگز کے 215 جبکہ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 107 گینگز کے 249 ممبران کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ قانون کی رٹ کو قائم رکھنے کیلئے کریمنل گینگز کے خلاف بھرپور آپریشن جاری رہے گا۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے لاہور پولیس تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے

بقیہ 42

کے حل کیلئے افسران اپنے فرائض خلوص نیت سے سرانجام دیں، ناقص کارکردگی اور غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے اور تین روز کے اندر ہسپتالوں میں صفائی کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے اور تمام ایئر کنڈیشنرز فعال کئے جائیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ناجائز قابضین سے سرکاری اراضی واگزار کرانے کیلئے آپریشن شروع کیا جائے اور غیر قانونی قبضوں میں ملوث افراد کیخلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے، ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (FOAS-E) سے کام کے طریقہ کار میں جدت آئی ہے۔ چیف سیکرٹری نیاضلاع میں پارکوں کی بہتری، خراب واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مرمت اور کھلے مین ہولز کے ڈھکن لگانے سے متعلق بھی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 43

۔ چیئرپرسن سارہ احمد سے ملاقات کے دوران چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف کے مابین بچوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو اور یونیسف کا بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے مشترکہ لائحہ عمل جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس کے علاوہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف پاکستان مل کر بچوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف پاکستان کے مابین مستقبل کے حوالے سے لائحہ عمل بھی تیار کیا گیا۔ جبکہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف پاکستان چائلڈ پروٹیکشن کیس مینجمنٹ اور چائلڈ پروٹیکشن یونٹس سمیت مختلف پراجیکٹس پر کام کر رہے ہیں

بقیہ 44

میں اضافے پر غور، شہر میں مہنگائی کا طوفان کوئی بھی چیز سرکاری ریٹ لسٹ پر دستیاب نہیں، جبکہ عرصہ دراز سے چلا آنے والا اہم بنیادی مسئلہ بس ویگن سٹینڈ زیر چھاؤں اور انتظار گاہیں نہ ہونا نہ ہی پینے کے پانی کا کوئی انتظام ان حوالوں سے آج تک نہ تو کوئی ریلی نکالی گی نہ ہی کوئی احتجاج ریکارڈ کروایا گیا ان تمام تر مسائل سے عوامی نمائندوں کی چشم پوشی سمجھ سے بالاتر ہے کیا یہ عوامی نمائندے صرف اپنے لیے عوام سے ووٹ لینے کے لیے منتخب ہوتے ہیں کیا انکو یہ اتنے بڑے بڑے عوامی مسائل نظر نہیں آتے یا جان بوجھ کر انکو نظر انداز کرتے ہیں آج تک کسی بھی پارٹی کے عوامی نمائندے کو یہ توفیق نہیں ہوئی ان عوامی مسائل لیکر کوئی احتجاج یا ریلی نکالی جائے اور مسائل کو ہائی لائٹ کیا جائے صرف زبانی کلامی بڑھکیں انکی سٹیں سوشل میڈیا پر تمام پارٹیز کے عوامی نمائندے ایک پیج پر آئیں اور اپنی تحصیل گوجر خان کے ان بنیادی مسائل کو حل کروانے میں اپنا اہم کلیدی کردار نبھائیں اگر یہ مسائل آپ لوگ حل نہیں کروا سکتے نہ ہی آپ لوگ نہتی عوام کی آواز بن سکتے ہو تو کوئی ضرورت نہیں ہے اپکو کہ آپ عوام کی نمائندگی کریں

بقیہ 45

گھریلو ناچاقی پر اپنی بیوی اور 5 ماہ کے بچے کو ذبح کر دیا جبکہ دیگر بچے معجزانہ طور پر بچ گئے، پولیس نے ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کرلیا۔

بقیہ 46

کہ گینگ آف فائیو کی سرغنہ بشریٰ بی بی تھیں اور میں گینگ آف فائیو کا شکار رہی ہوں۔ سیٹ ایڈجسمنٹ کسی کی خواہشات پر نہیں ہوگی اور جب انتخابات کے شیڈول کا اعلان ہوگا تو اس وقت ہماری پارٹی اس پر فیصلہ کرے گی۔ استحکام پاکستان پارٹی ایک علیحدہ شناخت اور منشور لے کر عوام کے دروازے پر دستک دے گی۔ ہم نے اس نظام کو بدلنے کی کوشش کی تاہم نظام بدلنے میں کامیاب نہیں ہوئے لیکن ہمیں نے سسٹم کو بدلنا ہے۔ فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ میں گینگ آف فائیو کی شکار رہی ہوں اور گینگ آف فائیو کا حصہ بننا ہمارے لیے مشکل تھا۔

بقیہ 47

ہیں جس میں ہر طرح کے مسافر اس سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں، اس کے علاوہ طلباء کیلئے بھی ریلیف دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ پی آئی اے 6 اگست 2023 سے چین کے لیے فلائٹ آپریشن دوبارہ شروع کررہی ہے۔ ابتدائی طور پر ہر اتوار کو ایک ہفتہ وار پرواز اسلام آباد، بیجنگ، اسلام آباد چلے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ مارکیٹ میں سب سے کم کرایوں کی پیشکش کررہے ہیں جس میں اکانومی کلاس میں 50 کلوگرام اور اکانومی پلس میں 60 کلوگرام سامان مفت لے جانے کی اجازت ہوگی۔ بیجنگ، اسلام آباد کا یک طرفہ کرایہ 3814 آر ایم بی اور واپسی کا کرایہ 5685 آر ایم بی ہوگا۔ 80 کلوگرام سامان کے ساتھ طلباء کو 20 فیصد رعایت کی بھی پیشکش کررہے ہیں اور اگر ٹکٹ آن لائن خریدے جائیں تو مسافر مزید رعایت حاصل کرسکتے ہیں

بقیہ 48

ا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے بھارت کے حوالے سے جنرل باجوہ کا نام لے کر باتیں کیں، وزیراعظم آفس کی رازداری کی خلاف ورزی پر معافی نہیں ہوتی، سائیکل چلانے والوں کو جہاز دے دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک چاپلوس آدمی بطور وزیر خزانہ بری طرح پھنس گیا تھا، بطور وزیر خزانہ یہ چاپلوس آدمی تھا، ایسے لوگ پی ٹی آئی کو ٹیک اوور کرنا چاہتے تھے، چیئرمین پی ٹی آئی اپنی گاڑی گرادیں گے لیکن کسی کو نہیں دیں گے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ شاہ محمود نے جب کہا کہ انصاف کا جھنڈا ان کے ہاتھ میں ہے وہ فارغ ہوگئے تھے، شاہ محمود قریشی کہیں جانے کیلئے جگہ ڈھونڈ رہے ہیں لیکن مل نہیں رہی۔

بقیہ 49

جائیگا۔ امیدوار نامیاتی کیمیا، تجزیاتی کیمیا، طبعیاتی کیمیا، غیر نامیاتی کیمیا، حیاتی نامیاتی کیمیا، ٹیکسٹائل کیمسٹری، فارماکولوجی اور مالیکیولر میڈیسن بشمول مالیکیولر اینڈ سیلولر حیاتیات، مالیکیولر جینیٹکس، مالیکیولر فارماکولوجی اور دیگر شعبوں میں داخلے لیں گے۔

بقیہ 50

ی شراکت داری کا مظہر ہے۔ انہوں نے دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون، اسٹریٹجک اتحاد اور تربیتی شعبے میں موجود دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایئر چیف نے مزید کہا "پاکستان ترکیہ کے ساتھ اپنے مضبوط سفارتی، اقتصادی اور دفاعی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو علاقائی امن، سلامتی اور استحکام سے متعلق تمام اہم امور میں ہم آہنگی پر مبنی ہیں۔ دونوں برادر ممالک نے کبھی بھی مشکل کی گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ پاک فضائیہ ترک فضائیہ کی تربیت، اسکی صلاحیتوں میں اضافے اور اس حوالے سے مدد کی فراہمی کے لیے ہمیشہ پرعزم رہے گی"۔ ایئر چیف نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کے پائلٹ ترک فضائی عملے کو تربیتی اور لڑاکا طیاروں سمیت مختلف جہازوں کی تربیت دینے میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل اتیلا گولان نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا اور ہوابازی کی صنعت میں خود انحصاری کی جانب گامزن پاک فضائیہ کی تعریف کی۔ معزز مہمان نے پاک فضائیہ کی سرپرستی میں جاری نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک منصوبے میں بھی گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اس منصوبے کو کامیاب بنانے میں سربراہ پاک فضائیہ کے غیر متزلزل عزم کو بھی سراہا۔ کمانڈر ترک فضائیہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین خوشگوار تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے پہلے سے موجود دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ دونوں سربراہان کی جانب سے فضائی افواج کے مابین موجودہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے پر بھی اتفاق ہوا۔

بقیہ 51

۔ماہرین نے کہا کہ رواں ہفتہ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں دن کے درجہ حرارت میں بتدریج اضافے کا امکان ہے، جس کے باعث فیصل آباد ڈویژن کے چاروں اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ سمیت ملک کے بیشتر علاقے گرمی کے زیر اثر رہیں گے۔ محکمہ موسمیات کے ترجمان کے مطابق 24 جون تک دن کے درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ کے باعث بالائی اور وسطی پنجاب میں دن کا درجہ حرارت 4 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ جنوبی پنجاب میں دن کا درجہ حرارت 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس دوران ملک کے میدانی اور پہاڑی علاقوں میں چند مقامات پر آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا بھی امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ممکنہ اثرات کے طور پر درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے آنے والے دنوں میں بجلی اور پانی کی طلب میں اضافہ ہوگا جبکہ کسان بھی موسمی حالات کے مطابق فصلوں کو پانی دینے کیلئے مناسب اقدامات کریں۔ انہوں نے عوام کو گرمی سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا بھی مشورہ دیا

بقیہ 52

بندی کے دوران مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان سید عالم ولد افسر خان، واحد اللہ، راحد اللہ پسران سیف الجان، خان زیب ولد نامگل قوم سپاہ کو گرفتار کرکے جامع تلاشی کے دوران چوری شدہ موبائیل فونز بھی برآمد کر لئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی کیلئے تھانہ باڑہ منتقل کیا گیا۔ دوسری کارروائی باڑہ بازار میں سپیشل ناکہ بندی کے دوران موٹر کار سے 2 کلو چرس برآمد کرکے ملزم لعل شاہ ولد گل مان شاہ قوم برقمبر خیل کو گرفتار کرکے تھانہ باڑہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 53

میں ملوث عناصر کی نگرانی کرتے ہوئے 13 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا انڈین گٹکا، چھالیہ، ایرانی ڈیزل ضبط کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ محکمہ کسٹمز کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق اینٹی اسمگلنگ آرگنائزیشن کی مذکورہ ٹیم نے سائٹ کے علاقے ہارون آباد میں میسرز اے ایچ میٹل فیکٹری پر چھاپہ مار کر فیکٹری کی تلاشی لی تو فیکٹری سے 23 لاکھ 97 لاکھ روپے مالیت کی 3630 کلوگرام چھالیہ اور 13 کروڑ 31 لاکھ مالیت کا اسمگل شدہ انڈین گٹکا برآمد ہوا ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، دریں اثنا پاکستان کسٹمز فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ کوئٹہ نے 30 کروڑ روپے کی اشیا اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی ہے

بقیہ 54

کریں گے۔ جمعرات کو ایرانی سفارت خانے سے جاری بیان کے مطابق ایران کے نائب وزیر داخلہ سید ماجد میر احمدی کی سربراہی میں ایران کا ایک اعلیٰ سطح کا وفد اسلام آباد پہنچ گیا ہے۔ بیان کے مطابق دسویں سپیشل سیکیورٹی کمیٹی کا انعقاد دونوں برادر ممالک کے حکام کے مشترکہ مفادات کے حصول کے ساتھ ساتھ مشترکہ خطرات اور چیلنجز بشمول دہشت گردی اور مشترکہ سرحدوں میں سیکیورٹی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے عملی عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ بلاشبہ دہشت گردی جیسے چیلنجز مشترکہ تکلیف ہیں جن سے نمٹنے کے لیے مشترکہ تعاون کی ضرورت ہے جس کی بنیاد پر مذاکرات کے اس دور میں رکھی جاسکتی ہے۔

بقیہ 55

جس میں موقف اختیار کیا کہ تحصیلدار کے ریکارڈ میں غلط اندراج کی وجہ سے خواتین سمیت یتیم بچوں کو اپنی ماں کے جدی حق وشرعی قانونی وارثت سے محروم رکھا گیا۔ فاضل عدالت نے کیس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جہلم کو بھجواتے ہوئے 6 جون 2023 تک فیصلہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے رپورٹ ان کی عدالت میں جمع کروانے کی ہدایت کی۔ جس پر اے ڈی سی آر جہلم نے دونوں فریقین کا موقف سننے کے بعد تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا جس پر مدعی اسرار حیدر کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی۔ جس پر کاروائی کرتے ہوئے جسٹس شجاعت علی خان نے ڈپٹی کمشنر جہلم سمیع اللہ فاروق کو آج ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 56

وزیراعلیٰ پنجاب رہے پرویز الٰہی کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمات درج کیے جارہے ہیں۔ وکیل نے درخواست میں نکتہ اٹھایا کہ ایف آئی اے، پولیس، اینٹی کرپشن اور نیب کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات فراہم نہیں کی جارہیں اس حوالے سے متعدد درخواستیں دیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوسکی لہٰذا عدالت مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دے اور عدالت سے استدعا ہے کہ منی لانڈرنگ کے مقدمے میں پرویز الٰہی کی حفاظتی ضمانت منظور کرے۔ یہاں واضح رہے کہ) لاہور کی مقامی جوڈیشل عدالت نے منی لانڈرنگ کیس میں گرفتار سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی۔ عدالت نے چوہدری پرویز الٰہی کو چودہ روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

بقیہ 57

بعد فیصل آباد سے شالیمار ایکسپریس 8 بج کر 15 منٹ پر روانہ ہوگی۔ اسی طرح کراچی سے لاہور آتے ہوئے ٹرین رات 9 بج کر 45 منٹ پر فیصل آباد رکے گی جبکہ فیصل آباد سے ٹرین 9 بج کر 50 منٹ پر روانہ ہوا کرے گی۔ ریلوے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ شالیمار ایکسپریس کو عوام کی سہولت کے پیش نظر براستہ فیصل آباد چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اگست میں بارشوں اور سیلاب کے بعد بند کی جانے والی شالیمار ایکسپریس کو 8 مہینوں کی بندش کے بعد یکم مئی 2023 کو بحال کیا گیا تھا۔

بقیہ 58

افراد کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردی گئیں

بقیہ 59

کالونی بوہڑ چوک کے قریب محمد بشیر سے 80 ہزار روپے' فون' جناح کالونی میں احمد' بوائز ہاسٹل کے شبیر سے 30 ہزار روپے' فون' جمیل ٹاؤن میں اذان احمد سے 22 ہزار روپے' فون چھین لیے گئے' رحمت ٹاؤن گول چوک کے احسان علی کے اڑھائی لاکھ کے بکرے' 217 رب شفقت نواز کے بکرے' تلیانوالہ روڈ پر عمر فاروق کی دکان کے تالے توڑ کر سامان چوری' رحمان ٹاؤن کے اختر علی کے گھر کا صفایا کر دیا گیا' لطیف گارڈن کے قریب سید قلب عباس سے 30 ہزار روپے' دھنولہ نزد ڈگری کالج کے قریب 4 ڈاکوؤں کا گروہ بیوپاری علی رضا سے 14 لاکھ کے بکرے چھین کر لے گئے' بھائی والا میں اطہر محمود کی دکان سے 2 لاکھ سے زائد مالیت کے لیڈیز سوٹ چوری ہو گئے' حاجی آباد میں مقصود محی الدین سے نقدی' فون' ڈائیوو روڈ پر سفیان سے نقدی' فون' چن ون روڈ پر فیضان کی اہلیہ سے پرس چھین لیا

بقیہ 60

کے مطابق 497 گ ب کے رہائشی بیوپاری امل نے بتایا کہ وہ قربانی کے جانور فروخت کرنے جا رہا تھا کہ راستے میں نوسر باز نے روک کر جانور خریدے اور بدلے میں جعلی نوٹ دیکر رفوچکر ہوگیا' جب اس نے گھر آکر چیک کیئے تو رقم میں متعدد نوٹ جعلی نکلے، پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دھوکہ دہی اور جعلی نوٹ دینے کے الزام میں مقدمہ درج کر کے نوسر بازوں کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 61

گئی جس کے باعث بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ لیسکو کو 800 میگاواٹ بجلی کے شارٹ فال کا سامنا ہے، بجلی کی طلب 5400 میگاواٹ سے تجاوز کر گئی جبکہ این پی سی سی کی جانب سے 4600 میگاواٹ بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ لیسکو نے شارٹ فال زیادہ ہونے کے باعث شہر میں 2 گھنٹے لوڈشیڈنگ کا شیڈول جاری کیا جبکہ شیڈول کے برعکس شہر کے مختلف علاقوں میں 3 سے 4 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔

بقیہ 62

راولپنڈی تھانہ صادق آباد سے چوری ہوا تھا۔ قائداعظم کالونی پوسٹ سے ناصر سعید ASI نیو بائیک چوری کے مقدمہ میں تھانہ روات کو مطلوب اشتہاری گرفتار کرکے ملزم جاوید اقبال ولد محمد اصغر سکنہ سرگودھا کو تھانہ دھمیال پابند سلاسل کردیا۔

بقیہ 63

گاڑی سے دوران تلاشی 27600 گرام افیون اور 3600 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ دوسری کارروائی ایکسائز چیک پوسٹ کوہاٹ پر کی گئی ہے جہاں پر مسافر گاڑی میں سوار منشیات فروش سے دوران تلاشی 490 گرام افیون برآمد کرلی گئی۔ ایکسائز پولیس کے مطابق دونوں کارروائیوں میں ملزمان گرفتار کرلئے گئے، مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 64

6 فیصد کوٹے پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت قدرتی وسائل پر سب سے پہلا حق مقامی آبادی کا ہے، زاہد اکرم درانی شمالی وزیرستان اور لکی مروت سے دریافت ہونے والی گیس پر سب سے پہلا حق مقامی آبادی کا ہے، زاہد اکرم درانی کمیٹی کی سیکرٹری پیٹرولیم وگیس کو تمام گیس فیلڈز میں پانچ کلومیٹر کے دائرے میں سروے مکمل کرنے اور انکی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کمیٹی نے جھل مگسی، سوئی، شمالی وزیرستان اور لکی مروت سمیت تمام گیس فیلڈز کے پانچ کلومیٹر دائرے میں گیس فراہمی کیلئے سروے کرنے کی ہدایت کمیٹی کا ایک ہفتے میں تمام گیس فیلڈز کے پانچ کلومیٹر دائرے میں گیس فراہمی کیلئے کی گئی تمام سرویز کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کمیٹی کا ڈیرہ بگٹی گیس فیلڈز میں غیر استعمال شدہ زمین کا مسئلہ جلد حل کرنے کی ہدایت کمیٹی کا دس دن میں ڈیرہ بگٹی کے گیس فیلڈز کی زمین کا معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت کمیٹی کا ایک مہینے میں ڈیرہ بگٹی گیس فیلڈز کا ازسرنو سروے کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

بقیہ 65

کی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد صہیب راجپوت کی سربراہی میں اسٹنٹ کمشنر ڈگری آصف علی خاصخیلی اور پولیس کی نفری کے ساتھ مل کر ڈگری مین واقع برف کا کارخانہ بنام ماشاءاللہ آئس فیکٹری کو ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر سیل کردیا مذکورہ فیکٹری کے خلاف محکمہ ماحولیات ریجنل آفس میرپور خاص کو فیکٹری کے علاقہ مکینوں کی جانب سے درخواست موصول ہوئی تھی ج

بقیہ 66

آفیسر مظفرگڑھ سید حسنین حیدر کی خصوصی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ سناواں عبدالرؤف نے مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے منشیات برآمد کر لی۔ ملزم محمد عرفان آرائیں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 1560 گرام چرس برآمد کرلی۔ دوسری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اعظم گرمانی سے 1200 گرام چرس برآمد کر کے دونوں ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے ملزمان کو حوالات تھانہ بند کردیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سناواں عبدالرؤف کا کہنا تھا کہ مظفر گڑھ پولیس منشیات فروشوں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کی جارہی ہے

فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل کیخلاف درخواستوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ بینچ سے الگ ہو گئے، بینچ سے اٹھ رہا ہوں سماعت سے انکار نہیں کر رہا

میں اس وقت تک کسی بنچ میں نہیں بیٹھ سکتا جب تک پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کیس کا فیصلہ نہیں ہوتا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

اسلام آباد (خبر نگار) فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل کیخلاف درخواستوں پر سماعت کرنے والا سپریم کورٹ کا بینچ ٹوٹ گیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ بینچ سے الگ ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل کیخلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں 9 رکنی لارجر بینچ نے سماعت کی۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیئے کہ میں اس بنچ سے اٹھ رہا ہوں لیکن سماعت سے انکار نہیں کر رہا۔ میں اس وقت تک کسی بنچ میں نہیں بیٹھ سکتا جب تک پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کیس کا فیصلہ نہیں ہوتا۔ آج کازلسٹ میں آخر میں آنے والی درخواست پہلے مقرر کر دی گئی، میں اس بینچ کو "بینچ" تصور نہیں کرتا۔ جب تک پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ پر فیصلہ نہیں ہوتا تب تک ہر بینچ غیر قانونی ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ (بقیہ نمبر 33)

پشاور: صدر مملکت سے گورنر خیبرپختونخوا، نگران وزیراعلی اور کابینہ اراکین کی ملاقات

ون مین کمیشن اضافی گرانٹ، سپریم کورٹ کی حکومت کو جلد فیصلہ کرنے کی ہدایت

ڈپٹی اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ عدالت میں تحریری جواب جمع کروایا ہے، عدالت حکم دے گی تو فنڈز فراہم کردیں گے

جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے اقلیتوں سے متعلق عدالتی فیصلے پر قائم ون مین کمیشن کو فنڈز فراہمی کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (نامہ نگار) سپریم کورٹ نے ون مین کمیشن فنڈز فراہمی کیس میں حکومت کو جلد فیصلہ جاری کرنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے اقلیتوں سے متعلق عدالتی فیصلے پر قائم ون مین کمیشن کو فنڈز فراہمی کیس کی سماعت کی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ اضافی فنڈز فراہمی کے حوالے سے کیا پیشرفت ہوئی ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ عدالت میں تحریری جواب جمع کروایا ہے، عدالت حکم دے گی تو فنڈز فراہم کر دیں گے۔ جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیئے کہ فنڈز فراہمی کا حکم دینا عدالت کا نہیں حکومت کا کام ہے، حکومت موجودہ سیشن کے دوران فنڈز فراہمی پر فیصلہ کرے۔ رمیش کمار نے عدالت کو بتایا کہ ون مین کمیشن کو اضافی فنڈز کی فراہمی پر (بقیہ نمبر 32)

لاہور: عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں میں اضافہ، نیا نوٹیفکیشن جاری

توشہ خانہ کیس، نیب نے عمران خان کو آج پھر طلب کرلیا

چیئرمین پی ٹی آئی کو تمام متعلقہ دستاویزات ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی

بطور وزیراعظم 108 تحائف ملے، 58 توشہ خانہ میں جمع نہیں کرائے گئے، نیب نوٹس

اسلام آباد (خبرنگار) توشہ خانہ کیس، عمران خان کو ایک اور بلاوا آگیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو آج پھر طلب کرلیا ہے، عمران خان کو کیس سے متعلق دستاویزات ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیب نوٹس کے مطابق عمران خان کو بطور وزیراعظم 108 تحائف ملے، چیئرمین پی ٹی آئی نے 58 تحائف توشہ خانہ میں جمع نہ کرائے۔ نیب نے عمران خان کو موجود تحائف بھی ہمراہ لانے کی ہدایت کی۔ نیب کے مطابق عمران خان کو اس سے پہلے (بقیہ نمبر 34)

ایل این جی کارگو پاکستان پہنچنے سے گیس بحران ٹل گیا

حکام کا کہنا ہے گھریلو صارفین کے لیے بھی گیس کا پریشر بہتر ہونے لگا ہے

ٹیل اینڈ اور پرانی لائنوں والے علاقوں میں گیس کی کمی انفرادی مسئلہ ہے، سوئی ناردرن حکام

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایل این جی کارگو پاکستان پہنچنے سے گیس بحران ٹل گیا۔ پاور اور کھاد سمیت تمام صنعتوں کی گیس مکمل بحال کردی گئی جبکہ گھریلو صارفین کے لیے بھی گیس کا پریشر بہتر ہونے لگا ہے۔ حکام کا کہنا ہے گھریلو صارفین کے لیے بھی گیس کا پریشر بہتر ہونے لگا ہے، سسٹم میں اٹھارہ سو ملین کیوبک فٹ گیس موجود ہے اور اس وقت گیس کے شارٹ فال کا سامنا نہیں ہے۔ سوئی ناردرن حکام کا کہنا ہے کہ ٹیل اینڈ اور پرانی لائنوں والے علاقوں میں گیس کی کمی انفرادی مسئلہ ہے۔ گھروں میں (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: سپریم کورٹ کا 9 رکنی بینچ ٹوٹ گیا، نتائج آج یا کل سامنے آجائیں گے: خواجہ آصف

بورڈ آف ریونیو اور اربن یونٹ نے ریونیو موضع ڈیلش بورڈ لانچ کردیا

ریونیو موضع ڈیلش بورڈ سے ریونیو) مساوی (کا ڈیٹا محفوظ ہوگیا ہے۔ نبیل جاوید

لاہور (جنرل رپورٹر) سنئیر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید نے آج بورڈ آف ریونیو اور اربن یونٹ کے ریونیو موضع ڈیلش بورڈ کا افتتاح کیا۔ ریونیو موضع ڈیلش بورڈ کے افتتاح کی تقریب پی اینڈ ڈی کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں چیئرمین پی اینڈ ڈی علی سرفراز حسین، سی ای او اربن یونٹ محمد عمر مسعود اور مختلف محکموں کے سیکرٹریز سمیت اعلی افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایس ایم بی آر نبیل جاوید نے کہا کہ اس جدید ڈیلش بورڈ سے دہائیوں پر محیط ریونیو) مساوی ((بقیہ نمبر 39)

مویشی منڈی، خریدار اور بیوپاری بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نالاں

کراچی (نیوز رپورٹر) عیدقرباں میں صرف ایک ہفتہ باقی رہ گیا، سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے لیے ناردرن بائی پاس پر قائم مرکزی مویشی منڈی میں گہما گہمی عروج پر ہوگئی، خریدار اور بیوپاری دونوں ہی بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نالاں نظر آرہے ہیں، تاہم سال بہ سال جانوروں کی قیمتوں میں اضافے نے قربانی کے فریضے کے سلسلے میں تو کمی نہیں (بقیہ نمبر 38)

وزیر ٹرانسپورٹ کی عیدالاضحیٰ پر کرایوں کی سخت مانیٹرنگ کی ہدایت

سیکرٹری ٹرانسپورٹ اوور چارجنگ کی روک تھام کیلئے خصوصی سکواڈ تشکیل دیں

اوور چارجنگ کی شکایت پر بس سٹینڈ کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، ابراہیم حسن مراد

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران وزیر ٹرانسپورٹ، لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ، معدنیات ابراہیم حسن مراد نے عیدالاضحیٰ پر ٹرانسپورٹ کرایوں کی سخت مانیٹرنگ کی ہدایت کی ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ کی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عید کے موقع پر آبائی علاقوں کو جانے والے مسافروں سے زائد کرایوں کی وصولی ہرصورت میں روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے مسافروں کو ہرممکن سہولیات کی فراہمی کا حکم دیا ہے۔ ابراہیم حسن مراد نے سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب کو اوور چارجنگ کی روک تھام کے لئے خصوصی سکواڈ تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ لاری اڈوں پر مسافروں کیلئے کاؤنٹر قائم کرنے کا بھی جائزہ لیا جائے۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ نے خبردار کیا کہ مسافروں کی شکایات پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔ اوور چارجنگ کی شکایت پر بس سٹینڈ کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے ٹرانسپورٹرز کی تنظیموں کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔

ملک کی آبادی بڑھتی جارہی ہے، جس کا اثر وسائل پر ہورہا ہے، ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو

کراچی (نیوز رپورٹر) وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی آبادی بڑھتی جارہی ہے، جس کا اثر وسائل پر ہورہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ملک میں بیروزگاری بڑھ رہی ہے، وسائل کی کمی کے باعث ماں کی زندگی کو خطرہ لاحق ہونے کے باوجود ملک بھر میں اسقاط حمل بہت زیادہ ہے جبکہ ملک میں (بقیہ نمبر 37)

ہمارے قائد نواز شریف بہت جلد پاکستان آئیں گے، چوہدری عابد شیر علی

گھبرانے کی ضرورت نہیں ملک ٹیک آف کرے گا اور عوام کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھریں گی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و سابق وزیر مملکت پانی و بجلی چوہدری عابد شیر علی نے کہا ہے کہ ہمارے قائد نواز شریف بہت جلد پاکستان آئیں گے اور آنے والے انتخابات میں انتخابی مہم کی قیادت کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک کا مستقبل روشن ہے' گھبرانے کی ضرورت نہیں ملک ٹیک آف کرے گا اور عوام کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھریں گی' عوامی فلاحی منصوبوں کی تکمیل مسلم لیگ (ن) کا طرہ امتیاز رہا ہے' ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی ٹائپ (بقیہ نمبر 36)

اے این ایف کی انسداد منشیات کارروائیاں

74 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد، 9 ملزمان گرفتار

غیرآباد مقام پر سمگلنگ کی غرض سے چھپائی گئی 3 کلو 500 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے 7 انسداد منشیات کارروائیوں کے دوران 74 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر کے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ اے این ایف ہیڈکوارٹر راولپنڈی سے جاری بیان کے مطابق اے این ایف نے تازہ کارروائیوں کے دوران سیکٹر آئی ٹین اسلام آباد میں ٹیوٹا کرولا کار سے 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کر لی۔ دوران کارروائی کوہاٹ کا رہائشی ملزم گرفتار کیا گیا۔ ہکلہ ریسٹ ایریا میں خیبر کے رہائشی کار سوار دو ملزمان کے قبضے سے 140 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں۔ ڈی ایچ اے کراچی میں آلٹو کار اور موٹرسائیکل میں چھپائی گئی 20 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ دوران کارروائی کراچی اور وزیرستان کے رہائشی 4 ملزمان موقع پر گرفتار کیے گئے۔ شکار پور روڈ سکھر پر بلوچستان کے رہائشی ملزم سے 989 گرام آئس برآمد کی گئی۔ کراچی میں واقع کورنگی نمبر 5 کے قریب موٹرسائیکل سوار سے 10 کلو چرس اور 250 گرام آئس برآمد ہوئی۔ بلوچستان (بقیہ نمبر 40)

قانون کی رٹ کو قائم رکھنے کیلئے کریمنل گینگز کے خلاف بھرپور آپریشن جاری رہے گا۔ سی سی پی او لاہور

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور پولیس نے رواں سال میں قانون شکن عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں 669 گینگز کے 1552 ملزمان کے قبضے سے 18 کروڑ 31 لاکھ 41 ہزار نوسو پچپن روپے مالیت کی نقدی برآمد کی ہے۔ آج یہاں جاری ایک بیان میں کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں سرقہ بالجبر، نقب زنی، چوری کے متعدد مقدمات بھی ٹریس ہوئے جبکہ گینگز کے گرفتار ملزمان میں 439 سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں۔ سٹی ڈویژن (بقیہ نمبر 41)

گورننس، سروس ڈلیوری بہتر بنانے کیلئے قلیل اور طویل مدتی اقدامات پر مشتمل تجاویز تیار کی جائیں، چیف سیکرٹری

لاہور (اسپیشل رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب نے ہدایت کی ہے کہ تمام محکمے گورننس اور سروس ڈلیوری بہتر بنانے کیلئے محکموں کو قلیل اور طویل مدتی اقدامات پر مشتمل تجاویز تیار کریں۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں سیکرٹریز کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کی جس میں تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوامی مسائل (بقیہ نمبر 42)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد سے یونیسف پاکستان کے وفد کی ملاقات

لاہور (نیوز رپورٹر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد سے یونیسف پاکستان کے وفد نے ملاقات کی جبکہ وفد میں چائلڈ پروٹیکشن سپیشلسٹ فرزانہ یاسین، چائلڈ پروٹیکشن آفیسر یونیسف زاہدہ منظور، چائلڈ پروٹیکشن آفیسر ازلان بٹ، پروگرام آفیسر بلاول عباسی اور دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل چائلڈ پروٹیکشن بیورو آفتاب احمد خان بھی موجود ہیں (بقیہ نمبر 43)

استحکام پاکستان پارٹی سیاسی قوت بن کر ابھرے گی، فردوس عاشق اعوان

ہم نے اس نظام کو بدلنے کی کوشش کی تاہم بدلنے میں کامیاب نہیں ہوئے لیکن ہم نے سسٹم کو بدلنا ہے

سیاسی پیش بینوں کیلئے یہ کسی سرپرائز سے کم نہیں ہوگا، ہم ریاست اور سیاست کو یکجا کرنے آئے ہیں، رہنما استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (نامہ نگار) فردوس عاشق اعوان کا کہنا ہے کہ سیاسی شعور نے عوام کا مرکز تبدیل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق رہنما استحکام پاکستان پارٹی فردوس عاشق اعوان ماضی میں پی ٹی آئی کی تعریفوں کے پل باندھا کرتی تھیں اور اب مستقبل میں استحکام پاکستان پارٹی کو بڑی سیاسی قوت بنتے دیکھ رہی ہیں۔ فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ استحکام پاکستان پارٹی سیاسی قوت بن کر ابھرے گی، سیاسی پیش بینوں کیلئے یہ کسی سرپرائز سے کم نہیں ہوگا۔ انکا کہنا تھا کہ آئندہ الیکشن سیاست کے افق پر پوری آب و تاب سے چمکے گا، ہم ریاست اور سیاست کو یکجا کرنے آئے ہیں۔ جبکہ اس سے قبل فردوس عاشق اعوان نے کہا (بقیہ نمبر 46)



راولپنڈی: غلام سرور خان نے تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کردیا

اسلام آباد: جنرل اتیلا گولان کی قیادت میں ترک فضائیہ کے وفد کی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کر رہے ہیں

ملاقات کے دوران ایئر چیف نے پاک فضائیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اپنے وسیع منصوبوں کا ذکر کیا

جنرل اتیلا گولان کی قیادت میں ترک فضائیہ کے وفد کی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات

معزز مہمان کی ایئر ہیڈکوارٹرز آمد پر پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے جنرل اتیلا گولان کو گارڈ آف آنر پیش کیا

ترک فضائیہ کے کمانڈر نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا اور ہوابازی کی صنعت میں خود انحصاری کی جانب گامزن پاک فضائیہ کی تعریف کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کمانڈر ترک فضائیہ جنرل اتیلا گولان کی قیادت میں ترک فضائیہ کے وفد نے آج سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے اہم امور اور علاقائی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ معزز مہمان کی ایئر ہیڈکوارٹرز آمد پر پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے جنرل اتیلا گولان کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ انہوں نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔ بعد ازاں معزز مہمان کا پرنسپل اسٹاف آفیسرز سے تعارف بھی کروایا گیا۔ ملاقات کے دوران ایئر چیف نے پاک فضائیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اپنے وسیع منصوبوں کا ذکر کیا جن میں اتحادی ممالک سے سمارٹ ٹیکنالوجی کے حصول، انفراسٹرکچر کی توسیع اور تربیتی شعبے کی از سر نو تشکیل کے منصوبے شامل ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ مذہبی اور تاریخی رشتہ استوار ہے جو کہ بے مثال تزویرا (بقیہ نمبر 50)

تحصیل گوجرخان کے تمام سیاسی پارٹیز کے عوامی نمائندے نمبرز سکورنگ کے چکر میں

عوامی مسائل کو بلاطاق رکھ کر دیگر حوالوں سے ریلیاں نکالنے میں مصروف

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجرخان سے تعلق رکھنے والے تمام سیاسی پارٹیز کے عوامی نمائندے نمبرز سکورنگ کے چکر میں جت گے عوامی مینڈیٹ سے منتخب ہونے والے نمائندے تحصیل کے عوامی مسائل کو یکسر بلاطاق رکھ کر سیاسی پارٹیز اور دیگر حوالوں سے ریلیاں نکالنے میں مصروف جبکہ شہر اور گردونواح کے مسائل کسی کو بھی نظر نہیں ارہے شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم، شہر میں ناجائز تجاوزات، پرائس مجسٹریٹس غیر فعال، شہر میں پانی کا بدترین بحران شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں جبکہ مزید برآں انتظامیہ و میونسپل کمیٹی کی جانب سے پانی کے ریٹس اور دیگر چارجز (بقیہ نمبر 44)

پشاور، شوہر نے بیوی اور 5 ماہ کے بچے کو ذبح کر دیا، ملزم گرفتار

پشاور (سٹی رپورٹر) تھانہ بھانہ ماڑی پولیس چوکی گل آباد پشاور کے حدود میں شوہر نے بیوی اور 5 ماہ کے بچے کو ذبح کر دیا۔ تھانہ بھانہ ماڑی پولیس کے مطابق ملزم مجیب الرحمان نے (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، بیجنگ پی آئی اے براہ راست پروازوں کا 6 اگست سے آغاز

مارکیٹ سے کم رعایتی ٹکٹ کے ساتھ اضافی سامان لے جانے کی پیشکش

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز ممکنہ طور پر اسلام آباد اور بیجنگ کے درمیان اپنا کمرشل آپریشن 6 اگست سے دوبارہ شروع کرنے جارہی ہے جس میں کم ترین کرایوں کے ساتھ اضافی مفت سامان لے جانے کی پیشکش بھی کی جائے گی۔ یہ بات چین میں پی آئی اے کے کنٹری منیجر بلال افضل نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس روٹ کے لیے ہمیشہ کی بہترین پالیسی پیش کر رہے (بقیہ نمبر 47)

پرویز خٹک نیا گروپ بنائیں گے، استحکام پاکستان پارٹی کا حصہ نہیں بنیں گے، فیصل واوڈا

لاہور (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فیصل واوڈا نے کہا ہے پرویز خٹک ایک نیا گروپ بنائیں گے، استحکام پاکستان پارٹی کا حصہ نہیں بنیں، چیئرمین پی ٹی آئی کا گھر خالی ہوجائے گا۔ ایک انٹرویو میں فیصل واوڈا نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ٹکٹ دینے والے ہوں گے لیکن لینے والا کوئی نہیں ہوگا، پی ٹی آئی کا وہی حال ہوگا جو ایم کیو ایم کا ہو (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: اسلام آباد اور ملتان ہوائی اڈوں پر قبل از حج فلائٹ آپریشن مکمل

جامعہ کراچی نے پی ایچ ڈی اسکالرشپ 50 ہزار کردی

ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلبا کو اسکالرشپ دی جاتی ہے، آئی سی سی بی ایس

کراچی (نیوز رپورٹر) بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی و حیاتیاتی علوم (آئی سی سی بی ایس) جامعہ کراچی نے ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلوں کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی بی ایس، جامعہ کراچی نے پی ایچ ڈی کی اسکالرشپ 35 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کردی، ملک میں یہ واحد ادارہ ہے جو ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلہ لینے والے تمام طالب علموں کو اسکالرشپ دیتا ہے، آئی سی سی بی ایس جامعہ کراچی کے ترجمان کے مطابق 6 ہزار روپے فیس برائے داخلہ کارروائی سندھ بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کرائی جاسکتی ہے۔ متعلقہ رقم ناقابل واپسی ہوگی، داخلہ درخواستیں (اسکین کاپی) بشمول تمام ضروری کاغذات اور فیس ڈپازٹ سلپ 5 جولائی تک جامعہ کراچی کے ایڈمیشن پورٹل پر آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہیں، کامیاب امیدواروں کو ڈاکٹر پنجوانی سینٹر برائے مالیکیولر میڈیسن اور ڈرگ ریسرچ (پی سی ایم ڈی) جامعہ کراچی اور ایچ ای جے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری میں داخلہ دیا (بقیہ نمبر 49)

25 جون کے بعد مون سون کی بارشیں شروع ہوں گی

25 جون تک ملک میں موسم خشک اور گرم رہے گا، چیف میٹرولوجسٹ

انہوں نے عوام کو گرمی سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا بھی مشورہ دیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملک بھر میں گرمی کی شدید لہر ہے۔ محکمہ موسمیات کے چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز کا کہنا ہے 25 جون تک ملک میں موسم خشک اور گرم رہے گا۔ 25 جون کے بعد مون سون کی بارشیں شروع ہوں گی، انہوں نے کہا کہ 25 جون کی شام سے بارش شروع ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں مزید دو دن ہیٹ یو رہے گی۔ گذشتہ روز بتایا گیا تھا کہ محکمہ موسمیات نے فضا میں ہوا کے زیادہ دباؤ کے باعث 24 جون تک ملک کے زیادہ تر حصوں میں دن کے درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ کی پیش گوئی کی ہے (بقیہ نمبر 51)

خیبر، باڑہ پولیس کی مختلف کارروائیوں کے دوران مسروقہ موبائل فونز اور 2 کلوگرام چرس برآمد، 5 ملزمان گرفتار

پشاور (نیوز رپورٹر) ضلع خیبر کے تھانہ باڑہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران مسروقہ موبائل اور 2 کلوگرام چرس برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ خیبر پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر باڑہ پولیس نے علاقہ سپین قبر سپاہ میں ناکہ (بقیہ نمبر 52)

جسٹس شجاعت علی خان نے انتقال وارثت میں تاخیر

ڈپٹی کمشنر جہلم سمیع اللہ فاروق کو آج 23 جون کو زاتی حثیت میں طلب کرلیا

اے ڈی سی آر جہلم نے دونوں فریقین کا موقف سننے کے بعد تا حال کوئی فیصلہ نہیں کیا

جہلم/منڈی بہاوالدین (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان نے انتقال وارثت میں تاخیر پر توہین عدالت کی کاروائی کو مزید آگے بڑھانے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم سمیع اللہ فاروق کو آج 23 جون کو زاتی حثیت میں طلب کرلیا۔ درخواست گزار اسرار حیدر نے فاضل عدالت میں ماہر قانون دان مرزا آصف عباس ایڈووکیٹ کے توسط سے ریٹ نمبری wp 566/ 023 دائر کی (بقیہ نمبر 55)

پرویز الٰہی کے خلاف نیب میں تحقیقات کا دائرہ کار مزید وسیع کردیا گیا

نیب نے اسٹیٹ بینک سے چوہدری پرویز الٰہی سمیت 9 اہم ترین شخصیات کے بنک ریکارڈ طلب کرلیے

نیب چوہدری پرویز الٰہی کے کیس میں آمدن سے زائد اثاثے بنانے اور مبینہ منی لانڈرنگ کے اینگل سے تحقیقات کر رہا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) سابق وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف نیب میں تحقیقات کا دائرہ کار مزید وسیع کردیا گیا۔ نیب نے اسٹیٹ بینک سے چوہدری پرویز الٰہی سمیت 9 اہم ترین شخصیات کے بنک ریکارڈ طلب کرلیے۔ اسٹیٹ بینک سے پنجاب میں موجود تمام بینکوں سے غیرملکی ٹرانزیکشنز، کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے ہونے والی ترسیلات کا ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کو تمام ریکارڈ 23 جون تک فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیب چوہدری پرویز الٰہی کے کیس میں آمدن سے زائد اثاثے بنانے اور مبینہ منی لانڈرنگ کے اینگل سے تحقیقات کر رہا ہے۔ جب کہ چوہدری پرویز الٰہی نے مقدمات کی تفصیلات اور حفاظتی ضمانت کے لیے ہائیکورٹ رجوع کرلیا۔ پرویز الٰہی کی جانب سے درخواست ایڈووکیٹ عامر سعید راں نے دائر کی درخواست میں ایف آئی اے، پولیس سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ چوہدری پرویز الٰہی سابق (بقیہ نمبر 56)

شالیمار ایکسپریس ٹرین کو براستہ فیصل آباد چلانے کا فیصلہ

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان ریلوے نے شالیمار ایکسپریس ٹرین کو یکم جولائی سے براستہ فیصل آباد چلانے کا فیصلہ کرلیا۔ لاہور سے کراچی جاتے ہوئے شالیمار ایکسپریس فیصل آباد صبح 8 بج کر 10 منٹ پر رکے گی، 5 منٹ رکنے کے (بقیہ نمبر 57)

کسٹمز نے فیکٹری سے 13 کروڑ کا گٹکا اور چھالیہ ضبط کرلی

ہارون آباد کی فیکٹری میں 3630 کلو چھالیہ اور انڈین گٹکا چھپایا گیا تھا

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کلکٹریٹ نے انسداد اسمگلنگ مہم کو جاری رکھتے ہوئے یومیہ بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ ذرائع نے میڈیا کو کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ کراچی عامر تھہیم کو موصول ہونے والی خفیہ اطلاع پر ایڈیشنل کلکٹر امجد راجپر کی سربراہی میں سینئر پریونٹو آفیسرز طارق محمود، طیب و دیگر کسٹمز افسران واہلکاروں پر مشتمل ٹیم نے غیرقانونی تجارت اور اسمگلنگ (بقیہ نمبر 53)

ایران کے نائب وزیر داخلہ سید ماجد میر احمدی 10 ویں پاکستان ایران خصوصی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایران کے نائب وزیر داخلہ سید ماجد میر احمدی 10 ویں پاکستان ایران خصوصی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد، نوسربازوں کا گروہ قربانی کے جانور خرید کر بیوپاری کو جعلی نوٹ دیکر فرار

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں نوسربازوں کا گروہ قربانی کے جانور خرید کر بیوپاری کو جعلی نوٹ دیکر فرار ہوگیا، پولیس نے متاثرہ بیوپاری اکمل کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے نوسربازوں کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل (بقیہ نمبر 60)

لاہور: عسکری ٹاور توڑ پھوڑ: اسلم اقبال، مسرت چیمہ سمیت 5 افراد کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

داتا دربار، نواں کوٹ کے علاقوں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

50 سالہ شخص داتا دربار سلام کرنے آیا اور حرکت قلب بند ہونے کے باعث دم توڑ گیا

لاہور (نیوز رپورٹر) داتا دربار اور نواں کوٹ کے علاقوں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق 50 سالہ شخص داتا دربار سلام کرنے آیا اور حرکت قلب بند ہونے کے باعث دم توڑ گیا۔ نواں کوٹ کے علاقہ بکرا منڈی کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ 40 سالہ شخص نشے کا عادی تھا اور نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوا۔ جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔ داتا دربار اور نواں کوٹ کے علاقوں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق 50 سالہ شخص داتا دربار سلام کرنے آیا اور حرکت قلب بند ہونے کے باعث دم توڑ گیا۔ نواں کوٹ کے علاقہ بکرا منڈی کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ 40 سالہ شخص نشے کا عادی تھا اور نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوا۔ جاں بحق ہونے والے دونوں (بقیہ نمبر 58)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری 90 سے زائد وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے۔ درجنوں شہریوں کو موٹرسائیکلوں سے محروم کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گل فشاں (بقیہ نمبر 59)

قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے بلوچستان کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے بلوچستان کا اجلاس

اجلاس ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی کی صدارت میں منعقد ہوا

اجلاس میں وفاقی وزرا خورشید شاہ، شاہ زین بگٹی، محمد اسرار ترین نے شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے بلوچستان کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں وفاقی وزرا خورشید شاہ، شاہ زین بگٹی، محمد اسرار ترین اور چیئرمین پی اے سی نور عالم خان کی شرکت اجلاس میں ممبران قومی اسمبلی رمیش لال، سردار ریاض محمود مزاری، خالد حسین مگسی، پروفیسر ڈاکٹر شاہناز بلوچ اور محمد جنید انور چودھری نے بھی شرکت کی۔ بلوچستان کے مقامی لوگوں کو 6 فیصد کوٹے پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی کمیٹی کی او جی ڈی سی ایل، ایس این جی ایل، پی پی ایل اور دیگر کمپنیوں کو ایک ہفتے کے اندر (بقیہ نمبر 64)

پٹرولنگ پولیس راولپنڈی ریجن کی مختلف کارروائیاں

گرفتار کر کے ملزم جاوید اقبال ولد محمد اصغر سکنہ سرگودھا کو تھانہ دھمیال پابند سلاسل کردیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پٹرولنگ پولیس راولپنڈی ریجن نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 03 چوری شدہ بکرے، موٹرسائیکل برآمد کرنے سمیت مویشی چوری کے مقدمہ میں تھانہ راوت کو مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا ایس پی محمد بن اشرف کی سربراہی میں پٹرولنگ پوسٹ بحریہ ٹاؤن سے عمران خالق asi نے فیز 8 سے 03 بکرے مع چور، ڈھرنال پوسٹ سے عرفان محمود ASI نے 04 سال قبل چوری ہونے والا موٹرسائیکل برآمد کرلیا، ہنڈا 125 نمبر آر آئی او۔ 04 7182 سال قبل (بقیہ نمبر 62)

پشاور، محکمہ ایکسائز کی کارروائیاں، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، 2 ملزمان گرفتار

پشاور (نیوز رپورٹر) تھانہ ایکسائز پشاور ریجن نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا کے مطابق پہلی کارروائی فرنٹیئر روڈ باڑہ بازار میں کی گئی جہاں پر ایک (بقیہ نمبر 63)

مظفر گڑھ، پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 2760 گرام چرس برآمد

مظفر گڑھ (نیوز رپورٹر) ڈی پی او مظفر گڑھ سید حسنین حیدر کی خصوصی ہدایت پر تھانہ سنانواں کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 2 ملزمان سے 2760 گرام چرس برآمد کردی گئی۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس (بقیہ نمبر 66)

محکمہ تحفظ ماحولیات کی ٹیم نے ڈگری میں واقع برف کا کارخانہ سیل کردیا

محکمہ ماحولیات کو فیکٹری کے علاقہ مکینوں کی جانب سے درخواست موصول ہوئی تھی

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) محکمہ تحفظ ماحولیات ریجنل آفس میرپور خاص کی ٹیم نے ڈگری مین واقع برف کا کارخانہ سیل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے وزیر برائے ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی اور ساحلی ترقی، بورڈ اور یونیورسٹیز محمد اسماعیل راہو اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات سندھ سیپا) نعیم احمد مغل کی ہدایت پر ادارہ تحفظ ماحولیات ریجنل آفس میرپور خاص (بقیہ نمبر 65)

گرمی بڑھتے ہی طویل لوڈشیڈنگ دورانیہ 10 گھنٹے تک پہنچ گیا

بجلی کی مجموعی پیداوار 20 ہزار 540 میگاواٹ ہے جبکہ ملک بھر میں بجلی کی طلب 26 ہزار 700 میگاواٹ ہے

ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پن بجلی کی پیداوار 8 ہزار میگاواٹ ہے، سرکاری تھرمل پاور پلانٹس 570 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں

اسلام آباد/لاہور (نامہ نگار) ملک بھر میں گرمی بڑھتے ہی طویل لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے تک پہنچ گیا، بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار 160 میگاواٹ ہوگیا۔ ذرائع پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ بجلی کی مجموعی پیداوار 20 ہزار 540 میگاواٹ ہے جبکہ ملک بھر میں بجلی کی طلب 26 ہزار 700 میگاواٹ ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پن بجلی کی پیداوار 8 ہزار میگاواٹ ہے، سرکاری تھرمل پاور پلانٹس 570 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں، نجی شعبے کے بجلی گھروں کی پیداوار 7 ہزار 300 میگاواٹ ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع نے کہا کہ ونڈ پاور پلانٹس سے بجلی کی پیداوار 1200 میگاواٹ ہے، سولر بجلی گھروں کی پیداوار 120 میگاواٹ ہے، بگاس سے 150 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے جبکہ نیوکلیئر پاور پلانٹس کی پیداوار 3 ہزار 200 میگاواٹ ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں 8 سے 10 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ گرمی بڑھتے ہی لاہور الیکٹرسٹی سپلائی کمپنی (لیسکو) کی بجلی کی طلب بھی 5400 میگاواٹ سے تجاوز کر (بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035